آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز ہفتہ 15 اگست 2020ء بمطابق 25 ذوالحجہ 1441ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 221


کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

| | |
|---|---|
| فجر | 4:24 |
| ظہر | 2:00 |
| عصر | 5:45 |
| مغرب | 7:12 |
| عشاء | 08:45 |

اہل تشیع

| | |
|---|---|
| فجر صبح | 04:15 |
| ظہرین | 01:00 |
| مغرین | 07:27 |

# یوم آزادی کے دن ہم اپنے ملک و قوم کی بہتری و ترقی کا عہد کرتے ہیں

بلوچستان بہترین قدرتی وسائل کے باوجود ماضی کی نااہلیوں، حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں اور عدم توجہی کے باعث آج بھی غربت اور جہالت کا شکار ہے، ہمارا صوبہ دہشت گردی کی جس عفریت کا شکار ہے وہ ہم سب کے لئے بہت بڑا چیلنج ہے

ہم نے دشمن کے اس چیلنج کو قبول کیا ہے اور دشمن کی تمام سازشوں کو ناکام بنانے کا پختہ عزم کر رکھا ہے، آج دشمن کی اتنی جرأت نہیں کہ وہ ہمیں لسانیت اور قومیت پر لڑا سکے، صوبے کے عوام نے ہمیشہ یک زبان ہو کر ملک اور صوبے کا تحفظ کیا ہے

تقریب میں اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبداللہ بلیدی، رکن قومی اسمبلی عبدالقادر، اراکین کابینہ، اراکین صوبائی اسمبلی بلوچستان سے تعلق رکھنے والے سماجی اور سیاسی معززین، قبائلی عمائدین، سول سوسائٹی کے نمائندے اور بلوچستان کے مختلف حصوں سے تعلق رکھنے والی عوام کی کثیر تعداد نے شرکت کی

کوئٹہ (ٹی این) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے جشن آزادی کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان بہترین قدرتی وسائل کے باوجود ماضی کی نااہلیوں، حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں اور عدم توجہی کے باعث آج بھی غربت اور جہالت کا شکار ہے، ہمارا صوبہ دہشت گردی کی جس عفریت کا شکار ہے وہ ہم سب کے لئے بہت بڑا چیلنج ہے اور ہم نے دشمن کے اس چیلنج کو قبول کیا ہے اور دشمن کی تمام سازشوں کو ناکام بنانے کا پختہ عزم کر رکھا ہے، تقریب میں اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبداللہ بلیدی، اراکین صوبائی اسمبلی بلوچستان سے تعلق

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان پی ڈی ایم اے میں منعقدہ جشن آزادی کی تقریب میں شرکت کے بعد میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

# ہم کشمیریوں کو ہر سطح پر ہر طرح کا تعاون فراہم کریں گے

## وزیراعظم

آئی پی پیز سے طویل مذاکرات کے بعد ہمارا معاہدہ ہو گیا جس سے بجلی سستی ہوگی، جب اقتدار ملا تو دو بوجھ تھے، ایک ماضی کی حکومتوں کا قرض اور دوسرا بوجھ پاور سیکٹر کا تھا، بجلی مہنگی بن رہی ہے

اسٹاک مارکیٹ تیزی سے اوپر بڑھنا شروع ہو گئی ہے، اللہ کا شکر ہے ہماری آمدنی بڑھنا شروع ہو گئی ہے، ساری دنیا میں ایکسپورٹ کو نقصان ہوا مگر ہماری ایکسپورٹ بڑھنا شروع ہو گئی ہے، اب حالات مزید بہتر ہوں گے

ہماری قوم حق خودارادیت کی جدوجہد میں کشمیریوں کے ساتھ ہے، ہم کشمیریوں کو ہر سطح پر ہر طرح کا تعاون فراہم کریں گے، کورونا وائرس مکمل ختم نہیں ہوا، احتیاط کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں اور چہرے پر ماسک کا استعمال کریں، عمران خان کا پیغام

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے یوم آزادی کے موقع پر قوم کو خوشخبری سناتے ہوئے کہا ہے کہ آئی پی پیز سے طویل مذاکرات کے بعد ہمارا معاہدہ ہو گیا جس سے بجلی سستی ہوگی، جب اقتدار ملا تو دو بوجھ تھے، ایک ماضی کی حکومتوں کا قرض اور دوسرا بوجھ پاور سیکٹر کا تھا، بجلی مہنگی بن رہی ہے، اس لئے ہماری صنعت دیگر ممالک کا مقابلہ نہیں کر سکتی، آج معیشت بھی چل رہی ہے اور ملک میں کورونا کے کیسز بھی کم ہوئے ہیں کوئی شک نہیں کہ ہم منزل پر پہنچ جائیں گے، لوگوں کا اعتماد آیا ہے، اسٹاک مارکیٹ تیزی سے اوپر بڑھنا شروع ہو گئی ہے، اللہ کا شکر ہے ہماری آمدنی بڑھنا شروع ہو گئی ہے، ساری دنیا میں ایکسپورٹ کو نقصان ہوا مگر ہماری ایکسپورٹ بڑھنا شروع ہو گئی ہے، اب حالات مزید بہتر ہوں گے، ہماری قوم حق خودارادیت کی

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

قلات، صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو قلات میں سیاسی و سماجی رہنماؤں سے ملاقات کر رہے ہیں

## کشمیری پاکستان سے وابستگی کے اظہار کیلئے اپنی جانوں کی قربانیاں پیش کر رہے ہیں، علی امین

### کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے "رن فار کشمیر"، ٹیلی میراتھن کا آغاز کیا جا رہا ہے

رن فار کشمیر سے کشمیریوں کے حقوق سے متعلق آگاہی میں اضافہ ہوگا، وفاقی وزیر کا یوم آزادی کے حوالے سے خصوصی پیغام

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان علی امین خان گنڈاپور نے کہا ہے کہ کشمیری پاکستان سے وابستگی کے اظہار کے لئے اپنی جانوں کی قربانیاں پیش کر رہے ہیں، آخری سانس تک کشمیری بھائیوں کی حمایت جاری رکھیں گے، کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے "رن فار کشمیر" ٹیلی میراتھن کا آغاز کیا جا رہا ہے، رن فار کشمیر سے کشمیریوں کے حقوق سے متعلق آگاہی میں اضافہ ہوگا۔ جمعہ کو وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان علی امین خان گنڈاپور نے یوم

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

## آزاد جموں و کشمیر سپریم کورٹ میں پاکستان کے 73 ویں یوم آزادی کے موقع پر پرچم کشائی کی تقریب کا انعقاد

### چیف جسٹس آزاد جموں و کشمیر جسٹس راجہ سعید اکرم خان نے پرچم کشائی کی، بھارتی جشن آزادی کا کیک بھی کاٹا گیا

مظفرآباد (این این آئی) آزاد جموں و کشمیر سپریم کورٹ میں پاکستان کے 73 ویں یوم آزادی کے موقع پر پرچم کشائی کی تقریب کا انعقاد۔ چیف جسٹس آزاد جموں و کشمیر جسٹس راجہ سعید اکرم خان نے پرچم کشائی کی۔ اس موقع پر معزز جج آزاد جموں و کشمیر سپریم کورٹ

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

## 14 اگست آزادی کا دن ہے، پاکستان ہے تو ہم سب ہیں، ڈپٹی چیئرمین سینٹ

### نوجوان پاکستان کا مستقبل ہیں اور پاکستان کی ترقی کے لیے نوجوانوں کو سخت محنت کرنی چاہیے، سلیم مانڈی والا

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینٹ سلیم مانڈی والا نے کہا ہے کہ 14 اگست آزادی کا دن ہے، پاکستان ہے تو ہم سب ہیں، نوجوان پاکستان کا مستقبل ہیں اور پاکستان کی ترقی کے لیے نوجوانوں کو سخت محنت کرنی چاہیے۔ ڈپٹی چیئرمین سینٹ سلیم

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

## بولان میں سیلاب سے متاثر ہونے والی سوئی سدرن گیس کمپنی کی 12 انچ قطر کی پائپ لائن کی مرمت کا کام مکمل گیس سپلائی بحال کر دی گئی

کوئٹہ (این این آئی) بولان میں سیلاب سے متاثر ہونے والی سوئی سدرن گیس کمپنی کی 12 انچ قطر کی پائپ لائن کی مرمت کا کام مکمل گیس سپلائی بحال کر دی گئی جبکہ 24 انچ قطر کی پائپ لائن کی مرمت کا کام دو سے تین روز میں مکمل ہونے کا امکان۔ ترجمان سوئی سدرن گیس کمپنی کا شف صدیقی کے مطابق جمعہ کو بولان

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

## زندگی کا حقیقی احساس آزادی کی عظیم نعمت کے بغیر ادھورا ہے، شبلی فراز

محصور کشمیری اور بھارت میں اقلیتوں خصوصاً مسلمانوں پر ہونے والے مظالم و جبر قائداعظم کے دوقومی نظریے کی سچائی پر مہر تصدیق ثبت کر رہا ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات سینیٹر شبلی فراز نے پوری قوم کو آزادی کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ زندگی کا حقیقی احساس آزادی کی عظیم نعمت کے بغیر ادھورا ہے، محصور کشمیری اور بھارت میں اقلیتوں خصوصاً مسلمانوں پر ہونے والے مظالم و جبر قائداعظم کے دوقومی نظریے کی سچائی پر مہر تصدیق ثبت کر رہا ہے، بیان

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی جشن آزادی کے موقع پر گورنر ہاؤس میں پرچم کشائی کر رہے ہیں

## صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے حریت رہنما سید علی گیلانی کو نشان پاکستان سے نوازا

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے حریت رہنما سید علی گیلانی کو نشان پاکستان سے نوازا۔ ایوان صدر میں تقریب کے دوران صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے حریت رہنما سید علی گیلانی کو نشان پاکستان سے نوازا، حریت کانفرنس آزاد کشمیر شاخ نے سید علی گیلانی کیلئے نشان پاکستان وصول

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

# پاکستان کا 73 واں یوم آزادی قومی جذبے، جوش و خروش کے ساتھ منایا گیا

دارالحکومت میں 31، صوبائی دارالحکومتوں میں 21، 21 توپوں کی سلامی، مزار قائد اور مزار اقبال پر گارڈز کی تبدیلی کی تقریبات منعقد ہوئیں

اسلام آباد/لاہور/کراچی/کوئٹہ/پشاور (این این آئی) پاکستان کا 73 واں یوم آزادی قومی جذبے اور ملی جوش و خروش کے ساتھ منایا گیا۔ دن کا آغاز مساجد میں نماز فجر کے بعد ملک و قوم کی سلامتی اور ترقی و خوشحالی کیلئے دعاؤں سے ہوا، وفاقی دارالحکومت میں 31 اور صوبائی

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

## بلوچستان بھر سے اہم خبریں

### کوئٹہ میں ٹریفک حادثہ 2 افراد زخمی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں ٹریفک حادثہ 2 افراد زخمی پولیس کے مطابق جمعہ کو کوئٹہ کے علاقے شیخ

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

### وڈھ میں ٹریفک حادثہ 2 افراد جاں بحق 1 زخمی

کوئٹہ (این این آئی) وڈھ میں ٹریفک حادثہ 2 افراد جاں بحق 1 زخمی لیویز کے مطابق جمعہ کو وڈھ کے

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

### زیارت میں گاڑی کھائی میں گرنے سے 3 افراد جاں بحق 4 زخمی

کوئٹہ (این این آئی) زیارت میں گاڑی کھائی میں گرنے سے 3 افراد جاں بحق 4 زخمی لیویز کے مطابق

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

### ایف سی بلوچستان ساؤتھ 73 ونگ تحصیل رائفلز کے زیر انتظام جشن آزادی کے سلسلے میں مختلف فنکشنز کا انعقاد کیا گیا

نوکنڈی (این این آئی) ایف سی بلوچستان ساؤتھ 73 ونگ تحصیل رائفلز کے زیر انتظام جشن آزادی کے

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

## ملک بھر سے اہم خبریں

### ووٹ کو عزت دیے بغیر قیام پاکستان کے مقاصد پورے نہیں ہو سکتے، جاوید لطیف

شیخوپورہ (این این آئی) رکن قومی اسمبلی میاں جاوید لطیف نے کہا ہے کہ قیام پاکستان کا مقاصد پورے

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

### پچاس سال میں پاکستان میں کوئی ڈیم نہیں بنا، اب دو ڈیمز پر کام جاری ہے، سینیٹر فیصل جاوید

اسلام آباد (این این آئی) حکومتی جماعت پی ٹی آئی کے سینیٹر فیصل جاوید نے کہا ہے کہ پچاس سال میں

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

### جشن یوم آزادی، پیر نور الحق قادری نے تین ہزار پونڈ وزنی پاکستان کا سب بڑا کیک کاٹا

لنڈی کوتل (این این آئی) خیبر لنڈی کوتل خیبر تحصیل کے مقام 14 اگست جشن کے خوشی میں وفاقی وزیر مذہبی

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

### ملتان ڈار یوم آزادی پر تفریحی مقام مالم جبہ میں قومی پرچم تھام کر زپ لائین پر سوار، بھرپور لطیف اٹھایا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی ملتان ڈار نے یوم آزادی پر تفریحی مقام مالم جبہ

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

# آئین کی پاسداری کئے بغیر ملک کا نظام ٹھیک کرنا ناممکن ہے

## چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ

ملک کے کرتا دھرتاؤں کو مسائل حل کرنے کے لئے سر جوڑ کر بیٹھنے اور ملک کے لئے پالیسی بنانے کی ضرورت ہے، آج جنہیں غدار کہا جا رہا ہے کل وہ برسر اقتدار ہوتے ہیں ہمیں فیصلہ کرنا ہوگا

آئین پر عملدرآمد کرنا ہے تبدیلی جھنڈے اٹھانے سے نہیں بلکہ عوام کو ڈیلیور کرنے سے آئے گی، چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس جمال مندوخیل

کوئٹہ (این این آئی) چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس جمال مندوخیل نے کہا ہے کہ آئین کی پاسداری کے بغیر ملک کا نظام ٹھیک کرنا ناممکن ہے، ملک کے کرتا دھرتاؤں کو مسائل حل کرنے کے لئے سر جوڑ کر بیٹھنے اور ملک کے لئے پالیسی بنانے کی ضرورت ہے ہم نے آزادی کا حق ادا نہیں کیا آج کے دن ملک کا ہر ادارہ قوم کو اپنی کارکردگی کے حوالے سے جوابدہ ہے آج جنہیں غدار کہا جا رہا ہے کل وہ برسر اقتدار ہوتے ہیں ہمیں فیصلہ کرنا ہوگا کہ آئین پر عملدرآمد کرنا ہے تبدیلی جھنڈے اٹھانے سے نہیں بلکہ عوام کو ڈیلیور کرنے سے آئے گی۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو بلوچستان ہائی کورٹ

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

# پاکستان نے دنیا کو سکھایا کہ دہشتگردی کا مقابلہ کیسے کیا جاتا ہے، صدر علوی

افغان مہاجرین کو پناہ دینا پاکستانی قوم کے کردار کی جیت ہے، ہم نے ایک قوم بن کر کورونا کا مقابلہ کیا، اسمارٹ لاک ڈاؤن پالیسی کو دنیا بھر میں سراہا گیا

دنیا نے کہا ہمیں پاکستان سے سیکھنا چاہیے، کورونا کے باوجود پاکستان کے معاشی اشاریے مثبت سمت گامزن ہیں، یوم آزادی کی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت عارف علوی نے کہا ہے کہ پاکستان نے دہشتگردی کیخلاف جنگ میں ہزاروں قربانیاں دیں اور دنیا کو سکھایا کہ دہشت گردی کا مقابلہ کیسے کیا جاتا ہے، افغان مہاجرین کو پناہ دینا پاکستانی قوم کے کردار کی جیت ہے، ہم نے ایک قوم بن کر کورونا کا مقابلہ کیا، اسمارٹ لاک ڈاؤن پالیسی کو دنیا بھر میں سراہا گیا، دنیا نے کہا ہمیں پاکستان سے سیکھنا چاہیے، کورونا کے باوجود پاکستان کے معاشی اشاریے مثبت سمت گامزن ہیں، مسئلہ کشمیر سلامتی کونسل میں زیر بحث آنا ہماری خارجہ پالیسی کی جیت ہے، مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی قراردادوں کے تحت حل طلب ہے، ہم اپنے کشمیری بھائیوں کی حمایت جاری رکھیں گے، کشمیر پاکستان کا حصہ ہے، نئے نقشے کا اجرا بہت بڑا کام ہے، ہم اپنے کشمیری بھائیوں کو اکیلا نہیں چھوڑ سکتے اور ان کا مقدمہ لڑتے رہیں گے، اگر افغانستان میں امن ہوگا تو خود افغانستان کے بعد پاکستان کو اس سے سب سے زیادہ فائدہ ہوگا، پاکستان کو انصاف کا وطن بنانے کی

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

## ہم پاکستان کو ایشیا کا ٹائیگر بنا سکتے ہیں، یاسر خان بازئی

یہ ملک ہمیں ہمارے آباؤاجداد کی بیش بہا قربانی کے بدولت ملا ہے آج جو ہم آزاد فضاؤں میں سانس لے رہے ہیں

### ہم سب ایک قوم بن کر اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملک و قوم کی تقدیر بدل سکتے ہیں، ڈپٹی کمشنر سبی

سبی (ٹی این) ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر یاسر خان بازئی نے کہا کہ قائداعظم کے فرمودات پر عمل کرتے ہوئے ہم پاکستان کو ایشیا کا ٹائیگر بنا سکتے ہیں انہوں نے کہا کہ وقت کا تقاضا بھی یہی ہے کہ ہم سب ایک قوم بن کر اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملک و قوم کی تقدیر بدل سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے 73 ویں یوم آزادی کی مناسبت سے سرکٹ ہاؤس سبی میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایس ایس پی سبی فاروق فیض لہری، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عباس ملک،

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

## ریلوے نے 17 اگست سے مزید 5 ٹرینوں کی بحالی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

لاہور (این این آئی) پاکستان ریلوے نے 17 اگست سے 5 ٹرینوں کی بحالی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق بحال کی جانے والی ٹرینوں میں ہزارہ ایکسپریس، فرید ایکسپریس، رحمان بابا ایکسپریس اپ اینڈ ڈاؤن شامل ہیں۔ ان کے علاوہ بدر ایکسپریس اور مونجو داڑو چیمبر اپ اینڈ ڈاؤن ٹرین بھی 17 اگست سے دوبارہ چلنا شروع ہو جائیگی۔

## مدینہ کی ریاست کے بعد سب سے بڑا انعام مسلمانان برصغیر کے لیے پاکستان ہے، وزیراعظم آزاد کشمیر

### مظفر پاکستان نے پاکستان کا خواب دیکھا اور دس سال کے قلیل عرصے میں جمہوری بنیادوں پر پاکستان کا قیام عمل میں لایا گیا

مظفرآباد (این این آئی) پاکستان کے 73 ویں یوم آزادی کی مرکزی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم آزاد جموں و کشمیر راجہ محمد فاروق حیدر خان نے کہا کہ مدینہ کی ریاست کے بعد سب سے بڑا انعام مسلمانان برصغیر کے لیے پاکستان ہے۔ مظفر پاکستان نے پاکستان کا خواب دیکھا اور دس سال کے قلیل عرصے میں جمہوری بنیادوں پر پاکستان کا قیام عمل میں لایا گیا۔ افواج پاکستان کے شہدا کا خون آج بھی ہماری سرحدوں پر تازہ ہے۔ پاکستان کے چاروں صوبوں تمام علاقوں سے تعلق رکھنے والے شہدا نے ہماری حفاظت کے لیے خون کا نذرانہ پیش کیا۔ ان شہدا کی خوشبو آج بھی

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

کراچی (پیپلز پارٹی) پی پی بلاول بھٹو زرداری تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

## یہ ملک آباد رہیگا تو ہماری نسلیں آباد ہوں گی، سردار کمال خان بنگلزئی

### پاکستان ہمارا ملک ہے اور اس ملک سے ہی ہمارا وجود برقرار ہے، سابق رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) سابق رکن قومی اسمبلی سردار کمال خان بنگلزئی نے کہا ہے کہ ملک میں انارکی اور انتشار پھیلانے والے اپنے عزائم میں کامیاب نہیں ہوں گے، دہشتگردی کے حالیہ واقعات کے باوجود نکالنے والی ریلیاں ملک دشمن عناصر کیلئے پیغام ہے کہ وہ جو کچھ بھی کریں عوام کے حوصلہ پست نہیں کر سکتے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز کوئٹہ سے مستونگ تک ٹائی جانیوالے ریلی کے آغاز پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر قبائلی رہنما سردار روح اللہ بنگلزئی و دیگر بھی

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

## نئے رہا ہونے والے طالبان قیدی دنیا کے لیے خطرہ ہیں، افغان صدر

کابل (این این آئی) افغان صدر اشرف غنی نے خبردار کیا ہے کہ رہا ہونے والے یہ قیدی دنیا کے لیے خطرہ ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایک امریکی تھنک ٹینک کے تحت منعقدہ ایک ویڈیو کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے صدر اشرف غنی نے کہا کہ

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

# ریڈ قومیں اپنا یوم آزادی جوش و جذبے کیساتھ مناتی ہیں، وزیر داخلہ

اگر ہمیں آزادی نہ ملتی تو ہمارا حال بھی انہی جیسا ہوتا، یہ ملک انشاء اللہ قیامت تک آباد رہنے کیلئے بنا ہے

ملکی ترقی و سلامتی کے لئے ہم میں سے ہر ایک کو اپنے اپنے حصے کا کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے، جشن آزادی کی تقریب سے خطاب

نکانہ صاحب (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ بریگیڈیئر ریٹائرڈ اعجاز شاہ نے کہا ہے کہ آزادی بہت بڑی نعمت ہے جس کی قدر مظلوم کشمیریوں یا بھارت میں اقلیتوں سے پوچھی جا سکتی ہے، اگر ہمیں آزادی نہ ملتی تو ہمارا حال بھی انہی جیسا ہوتا، یہ ملک انشاء اللہ قیامت تک آباد رہنے کیلئے بنا ہے، ملکی ترقی و سلامتی کے لئے ہم میں سے ہر ایک کو اپنے اپنے حصے کا کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔ تصدیقات کے مطابق ملک بھر کی طرح نکانہ صاحب میں بھی وطن عزیز کا یوم آزادی ملی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا اس حوالے سے نکانہ صاحب اور اس کی تینوں تحصیلوں میں درجنوں مقامات پر یوم آزادی کی مناسبت سے تقاریب کا انعقاد کیا گیا، جرنلزم ہال نکانہ صاحب میں منعقد ہونے والی مرکزی تقریب میں وفاقی وزیر داخلہ اعجاز احمد شاہ نے پرچم کشائی کی، اس موقع پر ضلعی افسران، اراکین اسمبلی، پی ٹی آئی کے عہدیداران، سیاسی و سماجی رہنما، وکلاء، شہریوں اور سکھ کمیونٹی کی بڑی تعداد بھی موجود تھی، پرچم کشائی کے

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

## آزادی اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے، ہمیں اپنی آزادی کی حفاظت کیلئے تن من دھن سے جدوجہد کرنی ہے، مولانا عبدالحق ہاشمی

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ آزادی اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے اور اپنی آزادی اور خود مختاری کی حفاظت نہ کر سکنے والی قوموں کو دنیا سے حرف غلط کی طرح مٹا دیا جاتا ہے۔ ہمیں اپنی آزادی کی حفاظت کیلئے تن من دھن سے جدوجہد کرنی ہے

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

## سندھ حکومت کو وفاق پیسے نہیں دے رہا، اب ورلڈ بینک کے ساتھ مل کر انفراسٹرکچر کو بہتر بنا رہے ہیں، بلاول بھٹو زرداری

پیپلز اسکولز کراچی کے عوام کے لیے تفریح کا بہترین ذریعہ ہے، پیپلز اسکولز کے طرز پر جگہ جگہ منصوبے بنا کر کراچی کی عوام کے مسائل کم کریں گے، تقریب سے خطاب

پارٹی نے بلدیاتی مسائل کے حل پر توجہ دی ہے، پیپلز اسکولز کے طرز پر جگہ جگہ منصوبے بنا کر کراچی کی عوام کے مسائل کم کریں گے، تقریب سے خطاب

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ سندھ حکومت کو وفاق پیسے نہیں دے رہا، اب ورلڈ بینک کے ساتھ مل کر انفراسٹرکچر کو بہتر بنا رہے ہیں، پیپلز اسکولز کراچی کے عوام کے لیے تفریح کا بہترین ذریعہ ہے، پیپلز اسکولز سے شہریوں کو بھرپور فائدہ ہوگا، ملیر میں بھی منصوبے کا (30 ستمبر کو افتتاح کریں گے۔ شہر میں فن تعمیر کا شاہکار پرانی عمارتوں کو بھی بحال کریں گے، یہ منصوبہ عالمی بینک کے اشتراک سے ڈیڑھ ارب روپے کی لاگت سے مکمل

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

# یوم آزادی کسی بھی قوم کیلئے کسی نعمت سے کم نہیں، بلدیہ ظہور

بیشک آزادی کسی بھی قوم کیلئے کسی نعمت سے کم نہیں اور ہمیں چاہیے کہ یوم آزادی کو بہترین انداز میں منا کر وطن عزیز سے اپنی محبت کا اظہار شاندار طریقے سے کریں

ہمیں چاہیے کہ یوم آزادی کو بہترین انداز میں منا کر وطن عزیز سے اپنی محبت کا اظہار شاندار طریقے سے کریں، صوبائی وزیر خزانہ

تربت (این این آئی) یوم آزادی کے سلسلے میں کمشنر آفس تربت کے مقام پر ایک اہم تقریب ڈپٹی کمشنر آفس تربت کے احاطے میں تربت کے مقام پر منعقد ہوا۔ اس تقریب میں صوبائی وزیر خزانہ میر ظہور احمد بلیدی، سابقہ صوبائی وزیر خزانہ اور ممبر صوبائی اسمبلی سید احسان شاہ کے علاوہ کمشنر مکران طارق قمر بلوچ، ڈپٹی کمشنر بیجی الیاس کبزئی، ڈی پی او بیجی نجیب چندرانی سمیت ضلع بیجی کے تمام سرکاری محکموں کے سربراہان شریک تھے۔ اس دوران تقریب کے پہلے مرحلے میں صوبائی وزیر خزانہ میر ظہور احمد بلیدی اور سابقہ وزیر خزانہ سید احسان شاہ نے قومی جھنڈا کو فضاء میں سربلند کر کے پرچم کشائی کا آغاز کیا۔ اسکے بعد قومی ترانہ پیش کیا گیا جس کے احترام میں شرکاء نے کھڑے ہو کر وطن عزیز سے اپنی محبت کا اظہار کیا۔ اسکے بعد لیویز کے چاک چوبند

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

## قائداعظم ریذیڈنسی میں یوم آزادی کے دن پرچم کشائی کی شاندار اور پروقار تقریب منعقد کی گئی

### جشن آزادی کے موقع پر زیارت شہر کو جشن آزادی کے دن دلہن کی طرح سجایا گیا ہے ہر جگہ سبز ہلالی پرچم آویزاں کئے گئے ہیں

زیارت (خ ن) قائداعظم ریذیڈنسی میں یوم آزادی کے دن پرچم کشائی کی شاندار اور پروقار تقریب منعقد کی گئی تقریب کے مہمان خاص ڈپٹی کمشنر زیارت کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی، ونگ کمانڈر ایف سی لورالائی اسکاؤٹس شبیر بار قادری لودھی تھے، ڈپٹی کمشنر زیارت نے قائداعظم ریذیڈنسی پر پرچم کشائی کی، جشن آزادی کے موقع پر زیارت شہر کو جشن آزادی کے دن دلہن کی طرح سجایا گیا ہے ہر جگہ سبز ہلالی پرچم آویزاں کئے گئے ہیں۔ پرچم کشائی کی تقریب میں ایڈیشنل ڈپٹی

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

کوئٹہ یوم آزادی کے موقع پر کوئٹہ میں توپوں کی سلامی دی جا رہی ہے

# یوم آزادی کے دن ہم اپنے ملک و قوم کی بہتری و ترقی کا عہد کرتے ہیں

تقریب میں طلبا و طالبات کے جوش و جذبے کو سراہتے ہوئے ان میں انعامات بھی تقسیم کئے

حکومت اپنی ہر ممکن کوشش کر رہی ہے کہ عوام کا معیار زندگی بہتر سے بہتر بناتے ہوئے ان کیلئے آسانیاں پیدا کی جا سکیں، میر ضیاء اللہ لانگو

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے جمعہ کے روز قلات کا دورہ کیا، اس دوران وہ گورنمنٹ گرلز کالج قلات گئے اور وہاں مہمان خصوصی کے طور پر جشن آزادی کی پروقار تقریب میں حصہ لیا، تقریب میں ڈپٹی کمشنر قلات عزت نزیر اور ڈی پی او قلات عبدالخالق عمرانی نے ان کا استقبال کیا، صوبائی وزیر میر ضیاء اللہ لانگو نے تقریب میں طلبا و طالبات کے جوش و جذبے کو سراہتے ہوئے ان میں انعامات بھی تقسیم کئے، صوبائی وزیر میر ضیاء اللہ لانگو کا کہنا تھا کہ یوم آزادی کے دن ہم اپنے ملک و قوم کی بہتری و ترقی کا عہد کرتے ہیں تاکہ ایک نئے جوش و جذبے سے اپنا بھرپور کردار ادا کر سکیں۔ بعد ازاں وہ خالق آباد پہنچے اور وہاں درخت لگا کر شجرکاری مہم کا آغاز کرتے ہوئے کہا کہ سرسبز و شاداب خالق آباد ہمارے مشترکہ مفاد میں ہے، اس

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

## پیش گوئی کرتا ہوں کہ بلاول بھٹو جلد وزیراعظم بنیں گے، رحمان ملک

### پاکستان کو اصل آزادی تب ملے گی جب آئی ایم ایف کی پابندیوں کو توڑا جائے گا، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی) کے رہنما سینیٹر رحمان ملک نے کہا ہے کہ آصف علی زرداری اور خورشید شاہ کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے، پیش گوئی کرتا ہوں کہ بلاول بھٹو زرداری جلد وزیراعظم بنیں گے۔ پیپلز پارٹی کی جشن آزادی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے رحمان ملک نے کہا کہ آزادی کے جشن کے موقع پر کشمیریوں کو نہیں بھولنا چاہیے، ایک سال ہو گیا کشمیری لاک ڈاؤن میں ہیں، افسوس حکومت پاکستان نے کچھ نہیں کیا۔ رحمان ملک نے کہا کہ سب کو

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

جشن آزادی کے موقع پر پی ڈی ایم اے کی عمارت پر جدید گرافک میپنگ کا خوبصورت مظاہرہ

# وہ قومیں کبھی آزاد نہیں ہوتیں جو معاشی طور پر آزاد ہوں، شہباز شریف

کشکول اور

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

# اداریہ
# EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

15 اگست 2020ء

## سعودی پاکستان تعلقات

متحدہ عرب امارات اور اسرائیل کے درمیان امن معاہدہ طئے پا گیا ہے۔ ویسے تو دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات پہلے سے موجود ہیں تاہم متحدہ عرب امارات اسرائیل اور امریکی حکمرانوں کے درمیان مذاکرات کے بعد طئے پانے والا امن معاہدہ عالمی صف بندی کے عمل میں غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے۔ یہ سارا انتظام خطے میں ہونے والی تبدیلیوں اور خطے کے ممالک کے درمیان ممکنہ اتحاد کے خلاف حفظ ماتقدم کے طور پر کیا گیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ چین، روس، ایران، ترکی اور پاکستان کے درمیان بڑھتی ہوئی ہم آہنگی نے مغربی ممالک خاص طور سے امریکہ اور برطانیہ کے حکمرانوں کو پریشانی میں مبتلا کر دیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ابتدائی طور پر پانچ ممالک کے درمیان قائم ہونے والے اتحاد میں مزید ممالک بھی شامل ہو سکتے ہیں۔ اور امریکہ اور برطانیہ کو خطرہ ہے کہ چین اور روس کی قیادت میں ترقی پذیر ملکوں کا طاقتور دنیا بلاک سامنے آ سکتا ہے۔ جس کے نتیجے میں پرانے نوآبادیاتی ڈانچے کو زبردست نقصان اٹھانا پڑ سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ امریکہ برطانیہ اور اسرائیل کی طرف صورتحال پر تشویش میں اضافہ ہو رہا ہے اور امریکہ اور سعودی عرب دونوں ممالک پاکستان پر ہر طرح سے دباؤ ڈال رہے ہیں۔ کہ وہ نئے اتحاد سے دور رہے۔ یاد رہے کہ اس سے قبل ملائشیاء کے دارالحکومت کوالالمپور میں مسلم ملکوں کی کانفرنس میں پاکستان کو روکنے کیلئے بھی سعودی عرب نے اپنا دباؤ استعمال کیا تھا۔ اور پاکستان کے معاشی مجبوریوں کے باعث یہ دباؤ کام کر گیا تھا۔ ایک بار پھر سعودی عرب کی طرف سے پاکستان پر دباؤ بھی ڈالا جا رہا ہے۔ اور چین اور روس کے ساتھ جانے کی صورت میں سعودی عرب اور امریکہ کی جانب سے امداد وتعاون کی پیشکش بھی کی جا رہی ہے۔ پاک فوج کے سربراہ جنرل قمر جاوید باجوہ اسی صورتحال میں پاکستان کی پوزیشن واضح کرنے کیلئے سعودی عرب کا دورہ کر رہے ہیں۔ اور توقع کی جا رہی ہے کہ اس بار پاکستان سعودی عرب کے ساتھ تعلقات کو برقرار رکھنے کے عزم کے ساتھ مغرب کی کسی سازش کو قبول نہیں کرے گا۔

## یہ غازی یہ تیرے پراسرار بندے

سرگوشی
عروبہ عدنان

ہمارا ملک "اسلامی جمہوریہ پاکستان" ایک ایسا ملک جس کی بنیاد قرآن وسنت پر رکھی گئی، جس کی تعمیر توحید پہ اور انشاءاللہ تکمیل محمد الرسول خاتم النبیین" پہ ہوگی۔

ہم الحمدللہ ایک ایسی قوم سے تعلق رکھتے ہیں جس کی تاریخ بڑے بڑے مسلمان سپہ سالاروں، جنگجو غازیوں اور جانثار شہداء سے بھری پڑی ہے۔ پاکستان کی عوام ایسی محب وطن قوم ہے جس نے کلمہ توحید کے نام پر اب تک بے شمار جانوں کے نذرانے پیش کئے ہیں۔ کفار نے ہر طرح سے جس میں نظریاتی، عملی واخلاقی طریقے شامل ہیں ہمیں شکست دینے کی ناپاک کوششیں کیں مگر ہم نے الحمدللہ ہمیشہ انہیں شکست دی۔۔ پاکستانی عوام اور افواج پاکستان دونوں ان کفار کے سامنے سینہ سپر رہے اور ان اسلام دشمن کفار کے سامنے سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوئے۔

الحمدللہ ہمارا پاکستان واحد مسلم ایٹمی طاقت ہے جو عالم کفر کی آنکھوں میں کانٹے کی طرح چبھنے سے چبھ رہا ہے۔ پاکستان واحد ملک ہے جہاں ان مسلم دشمن ملکوں کو عملی اور نظریاتی دونوں محاذوں پر بری طرح شکست سے دوچار ہونا پڑا ہے اور ان کا وہ خواب جو انہوں نے اکھنڈ بھارت، گریٹر اسرائیل اور عالم اسلام پہ قبضہ کی صورت میں دیکھا تھا شرمندہ تعبیر نہ ہو سکا اور انشاءاللہ نہ ہی ہو سکے گا۔ یہ اسلام دشمن ممالک اپنے ناپاک ارادوں میں اسی وجہ سے کامیاب نہ ہو سکے کہ پاکستان کی فوج اور عوام دونوں ہمیشہ متحد رہے۔ پاکستانی بری، بحری اور فضائی افواج نے پاکستان کے حدود کا بیرونی سازشوں اور شورشوں کی انتہائی کوشش کے باوجود ہمیشہ بھرپور دفاع کیا اور پاکستان کی عوام نے ہمیشہ ان کالی بھیڑوں کو اپنے اندر سے نکال باہر کیا جو ان کو مذہبی، لسانی اور اخلاقی جھگڑوں کے ذریعے تباہ کرنا چاہتی تھیں۔ اب تک کفار کا ایک بھی تیر درست نہ چلا جو ہمیں کمزور کرتا۔ اس کی وجہ وہ عقیدہ توحید ہے جس نے ہمیں سدا جوڑے رکھا یعنی متحد رکھا۔ ہماری قوم نے اسلام کے خاطر بیشمار جانی مالی قربانیاں دیں ہیں اور دے رہے ہیں۔ دہشتگردوں نے ملک کے ہر علاقے پہ حملے کئے، ہماری قوم کے بزرگوں نے جوان لاشے اپنے کاندھوں پہ اٹھائے، ماؤں کی گودیں اجڑیں اور بیشمار عورتیں بیوہ اور بچے یتیم ہوئے۔ ہمارے مستقبل کے معماروں کو شہید کیا گیا۔ یوں کوشش کی گئی کہ ہماری ذہنی حالت تباہ وبرباد کر دی جائے مگر۔۔۔ کفار ایسا نہ کر سکے کیونکہ یہ وطن اسلام کے نام پہ قائم ہوا اور اس پہ نگاہ غلط ڈالنے والا کوئی بھی ملک اللہ کے غضب سے بچ ہی نہیں سکتا۔ جس ملک کی عوام اور فوج اللہ پر یقین رکھتی ہے قرآن وسنت پہ عمل کرتی ہے اسے کوئی طاقت چاہے وہ عسائیت ہو، یہودیت ہو، مشرکین ہوں یا ملحدین توڑ یا ختم کر ہی نہیں سکتے۔

الحمدللہ ہمارے ساتھ اللہ کی رضا، اولیاء کرام، صوفیائے کرام اور قلندروں کی دعائیں ہیں اور ایسی پاکستانی فوج ہے جو نا صرف عالم اسلام کی بلکہ دنیا کی بہترین فوج ہے۔ بقول مرد مومن علامہ اقبال

یہ غازی یہ تیرے پراسرار بندے
جنہیں تو نے بخشا ہے ذوق خدائی
دو نیم ان کی ٹھوکر سے صحرا و دریا
سمٹ کر پہاڑ ان کی ہیبت سے رائی

پاکستان واحد ایسی اسلامی مملکت ہے جس کے متعلق بہت سے احادیث میں ذکر آیا ہے۔

حضور پاک ﷺ کی کئی احادیث میں واضح اشارے ملے ہیں جس سے ثابت ہوتا ہے کہ مستقبل قریب میں اسلام کا بول بالا کرنے میں انشاءاللہ پاکستان ہی کامیاب ہوگا۔۔

ایک حدیث میں سعودی عرب سے مشرق کی طرف کسی ریاست کا ذکر ہے جو اسلام کی نشاۃ ثانیہ میں اہم کردار ادا کرے گی۔

ایک اور غزوہ ہند کی مشہور حدیث موجود ہے جس کے مطابق حضور پاک ﷺ نے مشرق کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ جب میرا دین پوری دنیا میں کمزور ہوگا تو وہاں سے اٹھے گا

ایک اور جگہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ مجھے مشرق سے ٹھنڈی ہوائیں آ رہی ہیں

اسی حدیث کے تناظر پہ مرد قلندر علامہ اقبال نے فرمایا کہ

میر عرب کو آئی ٹھنڈی ہوا جہاں سے
وہی میرا وطن ہے وہی میرا وطن ہے

تاریخ گواہ ہے کہ مدینہ منورہ کے بعد پاکستان واحد اسلامی ریاست ہے جو اسلام کے نام پہ قائم ہوئی۔ اسی طرح پاکستان کا اور مدینہ کا مطلب بھی بالکل ایک ہے

پاکستان کا مطلب پاک لوگوں کے رہنے کی جگہ اور بالکل یہی مطلب مدینہ کا بھی ہے یعنی پاک لوگوں کے رہنے کی جگہ۔

اس کے علاوہ بھی بہت سی قدریں مشترکہ ہیں۔ جس میں سے ایک اہم قدر یہ بھی مشترکہ کہ مدینہ کے مسلمانوں نے اسلام دشمن عناصر سے کئی جنگیں لڑیں بالکل اسی طرح پاکستان کا واسطہ بھی ایسے ہی اسلام دشمن عناصر سے ہمیشہ رہا۔ اسی طرح مدینہ کے مسلم باسیوں نے آخری جنگ کفار سے لڑی وہ "فتح مکہ" پہ ختم ہوئی اور یہی جنگ فیصلہ کن ثابت ہوئی۔۔ بالکل اسی طرح پاکستان بھی اب تک تین بڑی جنگیں مسلم دشمن ملک انڈیا سے لڑ چکا ہے اب انشاءاللہ آخری جنگ فیصلہ کن ثابت ہوگی، جس میں کشمیر کو اسکا حق ملے گا۔

پاکستان کے متعلق تو بہت سے اولیاء کرام نے 850 سال پہلے ہی پیشن گوئیاں کر دیں تھیں جس میں سے خاص طور پر ایک مشہور بزرگ ہستی نعمت اللہ شاہ کا کہا قابل ذکر ہے کہ "ہند میں ایک ایسی اسلامی ریاست قائم ہوگی جس کا سپہ سالار ایک جنگجو اور نڈر مسلمان ہوگا اور اس کی قیادت میں مسلمانوں اور مشرکین کے درمیان کئی بڑی جنگیں ہونگیں جس آخر کار مسلمانوں کو تمام دنیا پہ فتح حاصل ہوگی اور اسلام کا بول بالا ہوگا"۔ اگر اس علاقے کے نقشے کا بغور جائزہ لیا جائے تو ہمیں علم ہوتا ہے کہ جغرافیائی لحاظ سے نیز اہمیت ومحل وقوع کے اعتبار سے پاکستان واحد ایسی اسلامی ریاست ہے جو ایسی ہی اسلامی ریاست کی خصوصیات پہ پوری اترتی ہے۔ یہ ساری پیشن گوئیاں ثابت کرتی ہیں کہ غزوہ ہند لڑنے والی عظیم فوج جس کا ذکر حضور پاک ﷺ نے فرمایا تھا وہ پاک فوج یعنی افواج پاکستان ہی ہے۔

اب ہم پاک فوج کی کارکردگی کا مختصراً جائزہ لیتے ہیں کہ قیام پاکستان سے اب تک پاک فوج نے کتنی ترقی اور کامیابیاں سمیٹیں ہیں۔۔

3 جون 1947 کو برطانوی ہندوستانی فوج کی تقسیم کے نتیجے میں اسلامی ریاست "پاکستان" معرض وجود میں آئی۔ اس وقت پاک فوج کے پاس موجود کل اثاثہ۔۔ 6 بکتر بند گاڑیاں 8 توپخانے اور 8 پیادہ رجمنٹیں تھیں اس کے مقابلے میں بھارت کو چار گنا زیادہ اثاثے ملے بھارت کو 12 بکتر بند گاڑیاں، 40 توپخانے اور 21 پیادہ رجمنٹیں ملیں۔ بھارت ہر لحاظ سے مضبوط تر تھا اور پاکستان ہر لحاظ کمزور تر فقط ایک جزبہ توحید ہی تھا جس کی پاکستان کے پاس فراوانی تھی اور اسی جزبے کے بل بولتے پہ ہی پاکستان کے وجود میں آنے کے چند ماہ کے بعد ہی پاک فوج نے اپنی پہلی جنگ لڑی جس کی وجہ کشمیر بنا، مہاراجہ کشمیر نے اپنی عوام کی رائے جانے بغیر جو یقیناً الحاق پاکستان کے علاوہ کچھ نہیں تھی انڈیا سے الحاق کرنے کا اعلان کر دیا اور انڈیا نے اپنی فوجیں کشمیر پہ اتار دیں۔ کشمیری قوم اس ناانصافی پہ تڑپ اٹھی اور بغاوت کر دی۔۔ پاک فوج اپنے مسلمان بھائیوں کی مدد کے لیے پہنچ گئی مختصر مال واسباب کے باوجود جنگ لڑی گئی یہاں تک کہ بھارت گھبرا گیا اور اقوام متحدہ سے مدد طلب کرنے لگا اور یوں اقوام متحدہ کی مداخلت کے بعد یہ جنگ ختم ہوئی۔۔ اس کے بعد کچھ عرصہ امن رہا۔ لیکن یہ امن عارضی ثابت ہوا اور 60 کی دہائی میں پاک بھارت حالات پھر کشیدہ رہنے لگے جو آخرکار 6 ستمبر 1965 کو جنگ کا باعث بنے۔ 6 ستمبر کی رات انڈیا نے بغیر کسی اعلان کے رات کے اندھیرے میں پی آر پی کینال کے علاقے میں حملہ کر دیا جسے نا صرف پاکستان نے پسپا کیا بلکہ 1200 کلومیٹر کا بھارتی علاقہ بھی فتح کر لیا۔ ازلی بزدلی کے باعث بھارت نے پھر اقوام متحدہ سے رابطہ کر کے اس جنگ سے بھی معاہدہ تاشقند کے ذریعے جان چھڑائی اور پاکستان کو مفتوحہ علاقے واپس کرنا پڑے۔

1965 کی جنگ ایک یادگار جنگ ثابت ہوئی جس میں پاکستان کے شہریوں نے پاک فوج کا مکمل ساتھ دیا ہر پاکستانی وطن کی محبت سے سرشار تھا اور اپنا تن من دھن قربان کرنے کو ہر دم تیار تھا۔

اس جنگ کے بعد 1971 کی جنگ ہوئی۔ یہ وہ وقت تھا جب پاکستان اندرونی خلفشار کا بری طرح شکار تھا، بنگال میں بہت سی پاک دشمن تحریکیں پروان چڑھ رہی تھیں جن کی پشت پناہی بیرونی طاقتیں کر رہی تھیں، انڈیا کو ایسے ہی کمزور وقت کا انتظار تھا اور اس نے جارحیت شروع کر دی۔ اب پاک فوج کو اندرونی اور بیرونی دونوں محاذوں پہ لڑنا پڑا اور آخر کار 16 دسمبر 1971 کو لفٹیننٹ جنرل امیر عبداللہ خان نیازی کی قیادت میں ہتھیار ڈالنے پڑے فقط سیاسی قیادت کی بزدلی کے باعث پاکستان کے دو حصے بن گئے اور ایک حصہ بنگلہ دیش کہلانے لگا۔

ان تین بڑی جنگوں کے بعد پاک فوج نے کارگل کی جنگ لڑی۔ 1999 میں پاک بھارت یہ جنگ کنٹرول لائین پہ لڑی گئی۔ جس میں بھی پاکستان نے بہت سی کامیابیاں پاک فوج کی بدولت سمیٹیں۔ بھارت کو اپنے تین لڑاکا جنگی جہاز اور تقریباً 700 سے زائد پیادہ فوجیوں سے ہاتھ دھونے پڑے۔ اس کے علاوہ کئی علاقے جو بھارت کے پاس تھے وہ بھی پاکستانی فوج نے فتح کر لیے مگر افسوس سیاسی قیادت کی مداخلت کے بعد یہ مفتوحہ علاقے واپس انڈیا کو دینے پڑے۔

پاک فوج ان جنگوں کے علاوہ بحیثیت امن فوج اقوام متحدہ کے کہنے پہ مختلف ممالک میں اپنی خدمات سرانجام دیتی رہی ہے۔ جس کو پوری دنیا انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔

چونکہ پاکستان ایک مضبوط اسلامی نظامی ریاست ہونے کے ناطے ہمیشہ دشمنان اسلام کی نظروں میں کھٹکتا رہا ہے اس لیے یہ خارجی ملک دشمن عناصر ہمیشہ اس کو نقصان پہنچانے کے درپے رہتے ہیں اور پاکستان کو توڑنے اور تباہ کرنے کی ہر ممکن ناکام کوششوں میں لگے رہتے ہیں۔ ایسی ہی ایک کوشش گزشتہ پندرہ سال سے دہشت گردی کی صورت میں پاکستان پہ ان ملک دشمن عناصر نے مسلط کی ہوئی ہے۔ شمال مغربی پاکستان میں کچھ کمزور عقائد اور کم ظرف، کالعدم تنظیمیں تحریک پاکستان طالبان کے نام سے دہشت گردی میں مصروف عمل ہیں ان کو غیر ملکی دہشت گرد تنظیموں کی پشت پناہی حاصل ہے جو ان کو پیسے اور جدید اسلحہ وہتھیار پہنچا رہے ہیں۔ پاک فوج اب ان ملک دشمن عناصر سے نبرد آزما ہے اور اس سلسلے میں پاک آرمی نے بڑے بڑے ملٹری آپریشن کئے ہیں۔ جن میں ضرب عصب، آپریشن راہ راست، آپریشن بلیک تھنڈر شامل ہیں۔

پاک فوج اپنے محدود وسائل کے باوجود اندرون ملک اور بیرون ملک دشمنان اسلام سے لڑ رہی ہے۔ اس وقت پاک فوج دنیا کی سب سے کم پیسے لینے والی فوج ہے۔ امریکہ اپنی فوج پہ فی کس خرچہ 596.409 ڈالر کرتا ہے۔ جبکہ۔۔ 456.92 ڈالر۔۔۔ انڈیا۔۔۔ 188.42 ڈالر اور اسرائیل 849.100 ڈالر کرتا ہے اور ہمارا ملک اپنی فوج پہ فقط 513.13 ڈالر خرچ کرتا ہے جو اب تک کی سب سے کم ترین رقم ہے۔

اس کے باوجود ہماری فوجی دنیا کی بہترین فوج اور مضبوط ترین فوج ہے۔ جس پہ ہمیں بجا طور پہ فخر ہے۔ پاکستان محض زمین کا ٹکڑا نہیں بلکہ یہ ایک اللہ کی مقدس امانت ہے جو ہمیں سونپی گئی ہے جس کی حفاظت کا ذمہ ہم پاکستانی شہری کا ہے نا کہ صرف پاک فوج کا۔ جو شخص اس قوم کا اس امانت میں خیانت کرے گا وہ اللہ کی پکڑ سے بچ ہی نہیں سکتا۔ پاکستان تا قیامت قائم رہے گا کیونکہ اسکا حامی و ناصر خود اللہ ہے اور یہ سب سے پاک رات 27 رمضان المبارک کو معرض وجود میں آیا۔ یہ وہ سلطنت ہے جس کے متعلق بانی پاکستان نے مرتے وقت کہا تھا کہ "میرا ایمان ہے کہ پاکستان ہرگز وجود میں نہیں آ سکتا تھا جب تک کہ اس میں فیضان نبوی شامل نہ ہوتا اور اب آنے والی نسلوں کی ذمہ داری ہے کہ اس کو خلافت راشدہ کی بنیاد پر تعمیر کریں تا کہ اللہ نے جو وعدے ان سے کئے ہیں اللہ ان وعدوں کو پورا کرے"۔ اب ہمارا فرض ہے کہ ہم آپ مل کر اپنے ملک وقوم کی تعمیر میں اپنا حصہ ڈالیں تا کہ ہمارا ملک بھی ترقی یافتہ ممالک کی صف میں کھڑا ہو سکے۔

بقول شاعر

یہ زمیں مقدس ہے، ماں کے پیار کی صورت
اس وطن میں تم سب ہو، برگ وبار کی صورت
دیکھنا گنوانا مت، دولت یقین لوگو
یہ وطن امانت ہے اور تم امیں لوگو

پاکستان زندہ باد
پاک فوج پائندہ باد

## 14 اگست

14 اگست کو پاکستان میں آزادی کے دن کی نسبت سے منایا جاتا ہے۔ یہ وہ دن ہے جب پاکستان 1947ء میں انگلستان سے آزاد ہو کر معرض وجود میں آیا۔ 14 اگست کا دن پاکستان میں سرکاری سطح

خبر سے خبر تک
شیخ فرید
fareedqta1963@gmail.com

پر قومی تہوار کے طور پر بڑے دھوم دھام سے منایا جاتا ہے پاکستانی عوام اس روز اپنا قومی پرچم فضا میں بلند کرتے ہوئے اپنے قومی محسنوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ ملک بھر کی اہم سرکاری عمارات پر چراغاں کیا جاتا ہے۔ اسلام آباد جو پاکستان کا دارالحکومت ہے، اس کو خاص طور پر سجایا جاتا ہے، اس کے مناظر کسی جشن کا سماں پیدا کر رہے ہوتے ہیں۔ اور یہیں ایک قومی حیثیت کی حامل تقریب میں صدر، پاکستان اور وزیر اعظم قومی پرچم بلند کرتے ہوئے اس بات کا عہد کرتے ہیں کہ ہم اس پرچم کی طرح اس وطن عزیز کو بھی عروج وترقی کی بلندیوں تک پہنچائیں گے۔ ان تقاریب کے علاوہ نہ صرف صدارتی اور پارلیمانی عمارات پر قومی پرچم لہرایا جاتا ہے بلکہ پورے ملک میں سرکاری اور نیم سرکاری عمارات پر بھی سبز ہلالی پرچم پوری آب وتاب سے بلندی کا نظارہ پیش کر رہا ہوتا ہے۔ یوم استقلال کے روز ریڈیو، ٹیلی ویژن اور انٹرنیٹ پہ براہ راست صدر اور وزیر اعظم پاکستان کی تقاریر کو نشر کیا جاتا ہے اور اس عہد کی تجدید کی جاتی ہے کہ ہم سب نے مل کر اس وطن عزیز کو ترقی، خوشحالی اور کامیابیوں کی بلند سطح پہ لیجانا ہے۔ آزادی کا حصول یقیناً ایک بہت مشکل مرحلہ تھا اس میں خداوند تعالیٰ کی رحمت ورہنمائی و مدد حاصل تھی۔ جس نے آزادی جیسی نعمت سے نوازا اس میں خداوند تعالیٰ کا جتنا بھی شکر ادا کیا جائے کم ہوگا۔ کل حصول آزادی پاکستان کی جدوجہد تھی اور آج تعمیر وطن کی جدوجہد کی ضرورت ہے۔ آج پھر ہمیں تحریک آزادی پاکستان جیسے جذبے کی ضرورت ہے۔ ہمیں قوموں سے پھر ایک قوم بننا ہوگا۔ کہ ہم نے آج تک جو دانستہ یا نادانستہ غلطیاں کوتاہیاں کی ہیں ان کا ازالہ کیسے کرنا ہے۔ حکمران یہ جان لیں اور ان کو سوچنا ہوگا۔ کہ کچھ بھی اچھا نہیں ہے۔ آزادی کے بعد آج تک کے سفر کو دیکھیں تو لگتا ہے کہ ہم آگے نہیں پیچھے کی جانب گامزن ہیں 72 سال ہم نے غفلت کی نظر کر دیئے ہیں۔ یہ پاکستان وہ پاکستان نہیں ہے جس کا خواب دیکھا گیا تھا اور جسے حاصل کرنے کیلئے ہمارے بزرگوں نے بے شمار قربانیاں دے کر حاصل کیا تھا خداوند تعالیٰ نے پاکستان کو وسائل سے مالا مال کر رکھا ہے۔

کچھ لوگ کہتے ہیں کہ پاکستان 14 اگست کو نہیں بلکہ پندرہ اگست کو بنا جناب بات یہ کہ اعلان کو ہوا، اور ہجرت بھی لوگوں نے 14 اگست سے شروع کر دی، یہ بات نہیں ہے کہ کب پہنچے یا کب انکو منزل پر پہنچنے کی مبارک باد دی گئی۔۔ جب اعلان ہوا کہ پاکستان بن گیا ہے لوگ ہجرت کر کے یہاں آ جائیں۔۔ وقت اور دن تو وہ نوٹ کیا جاتا ہے۔۔ اور سب سے بڑھ کر شب قدر کی مبارک شب تھی اور 14 اگست کا دن تھا۔۔

کچھ لوگ نئی نسل کو کس بحث مباحثے میں ڈال رہے ہیں؟؟؟ اس سے کیا حاصل۔۔ ملک اور آزادی کی قدر غلام ملکوں سے پوچھو، کشمیریوں سے فلسطینیوں، عراقیوں سے پوچھو۔۔ پاکستانیوں آپ کی نگاہ اس طرف کم گئی ہے دنیا کی تاریخ میں اتنی قلیل مدت میں یہ وہ پاکستان ہے جس نے 63 سال کی عمر میں 8 جنگیں لڑیں تقسیم کے وقت 1948 کشمیر کی جنگ، 1965 میں ہندوستان کی مسلط کردہ جنگ، 1971 میں ہندوستان کی مسلط کردہ جنگ، 1999 میں کارگل کی جنگ، دنیا کی سپر پاور روس سے افغانستان میں جنگ، دنیا کی سب سے بڑی 50 لاکھ مہاجرت کو اپنے ملک میں پناہ دی، موجودہ دوسری سپر پاور امریکہ سے جنگ اس کے باوجود پاکستانیوں پاکستان زندہ بلکہ ایٹمی قوت بھی ہے۔ یہ وہ پاکستان ہے جس کے خلاف اسرائیل، انڈیا اور امریکہ نے اتحاد کر لیا ہے لیکن اس وقت تک اللہ کے حکم سے ناکام ہیں یہ وہ پاکستان ہے جس نے عرب اسرائیل جنگ میں اسرائیل کے چھ ایف سولہ جہاز گرائے تھے۔ 14 اگست وہ دن ہے جب ہر ایک کو اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے کا عہد کرنا ہوگا۔ پاکستان جیسی فوج کسی ملک کے پاس نہیں ہے۔ پاکستان جیسی عوام کسی ملک کے پاس نہیں ہے۔ بس چند ایک دشمن ممالک کے ایجنٹ جو پاکستان کے خلاف بکتے ہیں۔ کبھی سندھ تحریک شروع کرتے ہیں اپنے آقاؤں کو خوش کرنے کے لیے تو کبھی بلوچستان میں ٹی ٹی پی آ جاتی ہے۔ کبھی انڈیا گلبھوشن لاتی کرتا ہے۔ تو کبھی امریکہ شکیل آفریدی لاتی کرتا ہے۔ کبھی خیبر پختونخواہ میں پی ٹی ایم آ جاتی ہے۔ اس کے نمائندے پاک فوج کی چوکیوں کو نشانہ بناتے ہیں۔ پاک فوج کے خلاف نعرہ بازی کرتے ہیں۔ دہشت گردی پھیلاتے ہیں۔ پاکستان کے عوام کو چاہیے کہ پاک فوج کے ساتھ کھڑا ہو جائے۔ جس ملک کی فوج نہیں ہوتی وہ کبھی کامیاب ہو ہی نہیں سکتا۔ ہم سب کو آج پاکستان کی ترقی کے لیے کوشاں رہنا چاہیے اور ذمہ داریاں ادا کرنی چاہیے۔

## کپتان کی حکومت یا مافیا کی حکمرانی۔۔؟ (آخری قسط)

غریب کا کوئی بیٹا پنڈ کا چوہدری نہیں بن سکا لیکن ان چوہدریوں کی حکمرانی میں غریب اس طرح گلی گلی ذلیل اور رسوا بھی تو نہیں

عمر خان جوزوی

ہوا۔ پنڈ کا چوہدری تو عمران خان نے بھی کسی غریب کے بیٹے کو نہیں بنایا لیکن اوپر سے مہنگائی، غربت، بیروزگاری اور بھوک وافلاس سے غریبوں کا جو برا حال کیا۔ اس کی وجہ سے آج اس ملک کا ہر غریب رونے، دھونے، چیخنے اور چلانے پر مجبور ہے۔ پہلے غریب جھولیاں پھیلا پھیلا کر دعائیں مانگتے رہے کہ یا اللہ ملک میں عمران خان اور تحریک انصاف کی حکومت آئے لیکن اب عمران خان کی محض دو سالہ حکمرانی کے بعد غریب یہ کہتے ہوئے دکھائی دے رہے ہیں کہ حکومت نواز شریف کے پاس ہو۔۔ آصف علی زرداری یا پھر عمران خان کے پاس۔ ہمیں اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ ہمارے لیئے سارے ایک جیسے اور برابر ہیں۔ 22 کروڑ عوام نے وزیر اعظم عمران خان سے جس طرح امیدیں باندھی تھیں۔ بوڑھے، جوان، مرد اور عورتیں جس طرح عمران خان کی کامیابی کے لئے جدوجہد کر کے قربانیاں دے رہے تھے۔ یقین نہیں آ رہا۔ کہ وہ عمران خان 22 کروڑ عوام کو اس طرح مایوس، پریشان اور حیران کریں گے۔

پانچ سال سے عمران خان کی جنگ تو موروثی سیاست اور کرپٹ مافیا کے خلاف تھی لیکن آج ان کی حکمرانی اور طرز حکمرانی کو دیکھ کر لگتا ہے جیسے موروثی سیاست اور مافیا کا ہمارے اس کپتان اور ان کی حکومت سے کہیں گہرا کوئی بہت ہی گہرا تعلق ہو۔ تحریک انصاف کی حکومت میں آج ایک طرف اگر چوہدری کرامت علی کے بیٹے شرافت علی جیسے صاحبزادگان پنڈ کے چوہدری بنے بیٹھے ہیں تو دوسری طرف پورے ملک میں مافیا کا بھی ایک راج قائم ہے۔ کپتان کی اس حکومت میں لاڈلے وزیروں۔۔ مشیروں اور خود وزیر اعظم عمران خان نے اس طرح ایمانداری کے ساتھ کام نہیں کیا ہوگا جس طرح ایمانداری کے ساتھ مافیا غریب عوام کو لوٹ رہی ہے۔ تحریک انصاف کے اقتدار میں آنے کے وقت آٹے کا جو بیس کلو تھیلا سات سے آٹھ سو میں مل رہا تھا آج وہ تیرہ سے چودہ سو میں مارکیٹ کے اندر بک رہا ہے۔ جو چینی پچاس سے پچپن روپے کلو مل رہی تھی اب وہ 95 اور سو سے کم پر نہیں مل رہی۔ گھی کا جو ڈبہ آٹھ اور نو سو روپے پر مارکیٹ کے اندر فروخت ہوتا تھا آج اس کی قیمت بھی چودہ اور پندرہ سو سے ہرگز کم نہیں۔ یہی حال روزمرہ استعمال کی دیگر اشیاء کا بھی ہے۔ اور تو اور اس حکومت میں مافیا سے وہ ادویات بھی محفوظ نہیں رہی جس کے ذریعے بیمار غریب آرام سے زندگی کی کچھ سانسیں لیا کرتے تھے۔ سچ پوچھیں تو پورے ملک میں مافیا نے افراتفری اور انت مچا رکھی ہے۔ گلی گلی اور محلے محلے میں لوٹ مار اور اندھیر نگری کو دیکھ کر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جس طرح اس ملک میں تحریک انصاف کی نہیں مافیا کی کوئی حکمرانی ہو۔ باہر نکل کر دیکھیں تو ہر شخص نے اپنی حکمرانی قائم کی ہوئی ہے۔

عمران خان اس ملک کے وزیر اعظم ہیں یا نہیں۔۔؟ لیکن پی ٹی آئی کی اس حکومت میں ایک ریڑھی بان اور چھابڑی فروش سے لیکر قصائی، نائی، الیکٹریشن، پلمبر، ڈاکٹر، انجینئر، تاجر، سرمایہ دار، صنعتکار، پراپرٹی ڈیلر، دودھ فروش، درزی، ترکھان، سبزی فروش، تندور مالک اور کریانہ سٹور والے تک ہر ایک نے اپنی ایک الگ دنیا اور ریاست بنا کر اپنی حکمرانی قائم کی ہوئی ہے۔ ایک ہی صوبے، ایک ہی شہر، ایک ہی گاؤں، ایک ہی مارکیٹ، ایک ہی بازار، ایک ہی منڈی اور ایک ہی چادر اور تر پال تلے ہر شخص ایک ہی چیز الگ الگ بھاؤ پر بیچ رہا ہے۔ ایک ہی چیز کے الگ الگ ریٹ دیکھ کر یوں لگتا ہے کہ جیسے یہاں انسانوں نہیں جنگل کا کوئی قانون ہو۔ ملک میں بے شک حکومت کپتان اور تحریک انصاف کی ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ اصل حکمرانی کس اور کی ہے۔ کپتان کی اگر ملک پر حکمرانی ہوتی تو ملک میں آج یہ حالات کبھی نہ ہوتے۔ سرپھروں، سرکشوں اور لوٹے لٹیروں کو لگام ڈالنا حکومت کا کام ہے۔ موجودہ حکومت اگر غریب عوام کو لوٹنے والے ان لٹیروں کو لگام نہیں ڈال سکتی تو اس کا مطلب یہی ہے کہ حکومت اس مافیا کے سامنے بے بس اور بے وس ہے۔ اور حکومت اگر سچ میں بے بس ہی ہے تو پھر بیگانوں کے ساتھ اپنوں کو بھی ماننا پڑے گا کہ ملک میں اس وقت چاہے حکومت کپتان اور پی ٹی آئی کی ہی کیوں نہ ہو لیکن اصل حکمرانی اس ملک میں کل بھی مافیا کی تھی اور آج بھی مافیا کی ہی ہے۔ کپتان کے کھلاڑیوں کو اب یہ حقیقت تسلیم کرنی ہوگی کہ نواز شریف اور آصف علی زرداری کی طرح 22 کروڑ عوام کے وزیر اعظم اور امیدوں کے محور عمران خان بھی مافیا سے ہار اور بری طرح ہار چکے ہیں۔ تب ہی تو پی ٹی آئی کی حکومت میں ملک کے اندر مافیا کی حکمرانی قائم ہے۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

## 14 / اگست: تجدید عہد کا دن

اگست 02020.13 تبصرے

کل میرے پاکستان کی 73 ویں سالگرہ ہے، مجھے اس کی دوستی پر فخر ہے۔ جب میں اس کے ہمراہ ہوتا ہوں تو مجھے ایک گونہ اطمینان ہوتا ہے۔ پاکستان کی ایک بد قسمتی یہ بھی رہی ہے کہ اس کو جو ساتھی ملے، اس کے

تربیر
سمیع اللہ ملک
samiumalik@hotmail.com

خلوص، اس کی محبت، اس کی ہمدردی، اس کی وسیع القلبی کا بے جا استعمال کرتے رہے۔ پاکستان یہ سب کچھ سمجھتا تھا مگر اپنی طبعی شرافت کی وجہ سے اس نے یہ سارے معاملات اللہ پر چھوڑ رکھے تھے۔ جب میں اپنے گھر سے باہر نکلا تو میں نے جگہ جگہ اجتماعات دیکھے جس میں مقررحضرات پاکستان سے اپنی دوستی اور محبت میں ایک دوسرے سے بڑھ کر رطب اللسان تھے۔ میں ایک جلسے سے دوسرے پھر دوسرے سے تیسرے میں پاکستان کو داد کرتا، ہاتھ ہلاتا تھا کہ شائد وہ اپنی اس 73 ویں سالگرہ کی تیاریوں میں نہ تو شریک ہونا چاہتا ہے اور نہ دوسروں کو شریک ہونے دینا چاہتا ہے۔

ان پریشان کن خیالات کو لیکر میں نے گلی گلی اس کو ڈھونڈنا شروع کیا، جیسے جیسے میری تلاش بڑھتی گئی، میری امید کمزور پڑتی گئی اور وق

**شال** بقیہ 1

رکھنے والے سماجی اور سیاسی معززین، قبائلی عمائدین، سول سوسائٹی کے نمائندے اور بلوچستان کے مختلف حصوں سے تعلق رکھنے والی عوام کی کثیر تعداد نے شرکت کی، وزیراعلیٰ نے تقریب کے شرکاء کو جشن آزادی کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ آج کا یہ دن خدا کی طرف سے ہمارے لئے ایک خاص تحفہ ہے، آج کا دن ان تمام شہداء کی قربانی کی یاد تازہ کرتی ہے جنہوں نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کئے اور خدا نے ہمیں اس ارض پاک جیسی خوبصورت نعمت سے نوازا، یہ دن ہمارے اندر ایک احساس پیدا کرتا ہے کہ ہم بحیثیت مسلمان اور پاکستانی ایک متحد قوم ہیں اور ہمارے اندر اس احساس کو اجاگر کرتی ہے کہ اس دن کی کیا اہمیت ہے، کیونکہ ہم شاید ان قربانیوں سے نہیں گزرے جو ہمارے اکابرین اور اسلاف نے دی، ان سب کی جدوجہد اور انتھک محنت ہی تھی جس کے باعث 14 اگست 1947 کو ہمیں یہ ملک ملا، انہوں نے کہا کہ آزادی کا احساس ان لوگوں کو زیادہ ہوتا ہے جو قید و بند میں رہتے ہیں اور اس آزادی کا مشاہدہ ہم خود بھی کرتے ہیں اور حالیہ عالمی وباء کورونا وائرس کے باعث جو پورے ملک میں لاک ڈاؤن کی صورتحال ہوئی تو ہم نے اس آزادی کی نعمت کو زیادہ محسوس کیا کہ آزادی کتنی بڑی نعمت ہے۔

**شال** بقیہ 2

جدوجہد میں کشمیریوں کے ساتھ ہے، ہم کشمیریوں کو ہر سطح پر ہر طرح کا تعاون فراہم کریں گے، کورونا وائرس مکمل ختم نہیں ہوا، احتیاط کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں اور چہرے پر ماسک کا استعمال کریں۔ جمعہ کو سرکاری ٹی وی پر قوم کے نام اپنے پیغام میں وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ پاکستان قائداعظم محمد علی جناح اور علامہ محمد اقبال کے عظیم خواب کی تعبیر ہے، وہ پاکستان کو اسلامی فلاحی ریاست بنانا چاہتے تھے جس میں قانون کی بالادستی ہو۔ انہوں نے کہا کہ سب انسانوں کو برابر کے حقوق حاصل ہوں اور ریاست ان کے حقوق کی ضمانت دے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہم اس سفر کی جانب گامزن ہیں اور جدوجہد کے ذریعے منزل پر پہنچ کر دم لیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ میں آج قوم کو کورونا وائرس کا مل کر مقابلہ کرنے پر بھی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے جس طرح کورونا وائرس کے خلاف جدوجہد کی ہے شاید ہی کسی قوم میں اس طرح کی مثال مل سکے۔

**شال** بقیہ 3

دارالحکومتوں میں 21، 21 توپوں کی سلامی دی گئی، مزار قائد اور مزار اقبال پر گارڈز کی تبدیلی کی پروقار تقریبات منعقد ہوئیں، ملک بھر میں پرچم کشائی کی تقریبات اور سیمینارز بھی منعقد کئے گئے جبکہ مختلف مقامات پر ریلیاں نکالی گئیں، مقررین نے جدوجہد آزادی کی تحریک میں دی جانے والی قربانیوں پر روشنی ڈالی۔ تفصیلات کے مطابق ملک بھر میں پاکستان کا 73واں یوم آزادی قومی جذبے اور ملی جوش و خروش کے ساتھ منایا گیا۔ دن کا آغاز مساجد میں نماز فجر کے بعد ملک و قوم کی سلامتی، ترقی و خوشحالی اور استحکام کے لئے خصوصی دعاؤں سے ہوا جبکہ اس موقع پر تحریک آزادی کے شہداء کے لئے فاتحہ خوانی اور قرآن خوانی بھی کی گئی۔ وفاقی دارالحکومت میں 31 جبکہ صوبائی دارالحکومتوں میں 21، 21 توپوں کی سلامی دی گئی جبکہ اس موقع پر فضاء اللہ اکبر اور پاکستان زندہ باد کے نعروں سے گونج اٹھی۔ مزار قائد اور مزار اقبال پر گارڈز کی تبدیلی کی پروقار تقاریب منعقد کی گئیں۔ کراچی میں مزار قائد پر پاکستان نیول اکیڈمی کے کیڈٹس نے مزار قائد پر گارڈ کے فرائض سنبھال لیے، تقریب کے مہمان خصوصی کمانڈنٹ پاکستان نیول اکیڈمی کموڈور مشتاق احمد تھے۔ مہمان خصوصی نے مزار قائد پر حاضری دی اور پھولوں کی چادر چڑھانے کے بعد فاتحہ خوانی کی۔ لاہور میں مزار اقبال پر بھی گارڈز کی تبدیلی کی پروقار تقریب منعقد کی گئی، مزار اقبال پر پاک فوج کے دستے نے اعزازی گارڈز کے فرائض سنبھال لیے، پاک فوج کے دستے نے رنجرز کی جگہ لی ہے، جنرل آفیسر کمانڈنگ لاہور تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔

**شال** بقیہ 4

میں پرچم کشائی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی اس موقع پر بلوچستان ہائی کورٹ اور ماتحت عدالیہ کے ججز سمیت وکلاء کی بڑی تعداد موجود تھی، جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ ملک میں دو طبقے ہیں ایک وہ جو کہتے ہیں کہ آئین بالادست ہے دوسرا وہ جو آئین کو کاغذ کا ٹکڑا تصور کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ اگر آئین نہیں ہوگا تو ملک میں کوئی نظام نہیں ہوگا ہم نے آئین اور عوام کو ہمیشہ روندی کی ٹوکری کا حصہ بنایا ارکان پارلیمنٹ سے پوچھا جائے کہ کیا وہ آئین کا مطالعہ اور تیاری کے ساتھ اسمبلی اجلاسوں میں آتے ہیں اسمبلی میں آئین و قانون سازی کی بات نہیں ہوتی ہم آئین سے ہٹ کر چل رہے ہیں جب تک آئین کی پاسداری نہیں ہوگی ہم پستی کی طرف جائیں گے انہوں نے کہا کہ کیا ارکان پارلیمنٹ کا کام سڑکیں اور نالیاں بنانا ہے سینیٹ، قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلیوں کو بتانا چاہیے کہ انہوں نے کتنے قوانین پاس کئے لیکن سب فنڈز کے پیچھے لگے ہوئے ہیں کیا اس ملک نے ہمیں کچھ نہیں دیا جو ہم اسکی بنیادوں کے پیچھے لگے ہوئے ہیں۔

**شال** بقیہ 5

کوششیں جاری ہیں، نوجوان اپنی پاکستانیت اور اسلام کے لحاظ سے اپنی جڑیں مضبوط کریں۔ جمعہ کو پاکستان کے یوم آزادی سلسلے میں پرچم کشائی کی مرکزی تقریب اسلام آباد میں ایوان صدر میں ہوئی جس میں وفاقی وزراء اعلیٰ سول اور عسکری حکام نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر مملکت نے کہا کہ آزادی کی تکمیل 14 اگست 1947 کو ہوئی، ملک بنانا ایسا ہی کہ کئی صدیوں کی جدوجہد کے بعد آزادی ملے لیکن اس کے بعد ایک نئی جدوجہد شروع ہوئی جس میں پاکستان کی تکمیل کے لیے علامہ اقبال اور قائداعظم کے خوابوں کے مطابق اور مسلم امہ کی عکاسی کرتے ہوئے آخری نبی کی پیروی کرتے ہوئے انصاف کا وطن بنانے کی کوششیں جاری ہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ ایک کروڑ 69 لاکھ خاندانوں کو جو رقم پہنچی وہ انہیں کی امانت تھی اس طرح 7 سے 8 کروڑ افراد اس پروگرام سے مستفید ہوئے۔

**شال** بقیہ 6

بعد پولیس کے چاک و چوبند دستے نے قومی پرچم کو سلامی دی، تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر داخلہ اعجاز احمد شاہ نے کہا کہ زندہ قومیں اپنا یوم آزادی بھرپور جوش و جذبے کے ساتھ مناتی ہیں، آزادی بہت بڑی نعمت ہے جس کی قدر مظلوم کشمیریوں یا بھارت میں اقلیتوں سے پوچھی جاسکتی ہے، جہاں مسلمانوں سمیت تمام اقلیتوں کو ظلم و ستم کا نشانہ بنایا جارہا ہے، اگر ہمیں آزادی نہ ملتی تو ہمارا حال بھی انہی جیسا ہوتا، انہوں نے کہا کہ یہ ملک انشاء اللہ قیامت تک آباد رہنے کے لئے بنا ہے، ملکی ترقی و سلامتی کے لئے ہم میں سے ہر ایک کو اپنے اپنے حصے کا کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے، وزیر داخلہ نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں یہ ملک مدینہ کی ریاست بننے جارہا ہے، عمران خان نے کہا کہ اپنے لوگوں کو بھوک سے نہیں مرنے دوں گا، حکومتی اقدامات کی وجہ سے کرونا وائرس کے پھیلاؤ میں نمایاں کمی ہوئی، پوری قوم نے کرونا وائرس کا ڈٹ کر مقابلہ کیا، وزیر داخلہ نے کہا کہ محرم الحرام میں بھی کرونا ایس او پیز پر عمل کرنے کی ضرورت ہے، محرم الحرام کے دوران بھی کرونا ایس او پیز پر سختی کے ساتھ عمل درآمد کروایا جائیگا۔

**شال** بقیہ 7

دوران صوبائی وزیر داخلہ سے کئی سیاسی و سماجی شخصیات نے بھی ملاقات کی، میر ضیاء لانگو نے کہا کہ حکومت اپنی ہر ممکن کوشش کررہی ہے کہ عوام کا معیار زندگی بہتر سے بہتر بناتے ہوئے ان کیلئے آسانیاں پیدا کی جاسکیں۔

**شال** بقیہ 8

دستوں نے مارچ پاسٹ کا بہترین مظاہرہ کرتے ہوئے تقریب میں شامل شرکاء سے داد وصول کی۔ اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر خزانہ میر ظہور احمد بلیدی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پیلک آزادی کسی بھی قوم کیلئے کسی نعمت سے کم نہیں اور ہمیں چاہیے کہ یوم آزادی کو بہترین انداز میں منا کر وطن عزیز سے اپنی محبت کا اظہار شاندار طریقے سے کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے آباؤ اجداد نے بڑی جدوجہد کے بعد آزادی کو حاصل کیا ہے اور ہمیں چاہیے کہ ہم اپنے نوجوانوں نسل کو جدوجہد آزادی اور قیام پاکستان کے حقیقی مقاصد کے بارے میں اچھے طریقے سے آگاہ کریں تاکہ انکے اندر جذبہ حب الوطنی پروان چڑھ سکے۔ بعدازاں ضلعی انتظامیہ کیچ کی جانب سے ایک کار ریلی ڈی سی کیچ آفس سے نکالی گئی جس میں موٹر سائیکل اور کار پر سوار ضلع کیچ کے عوام نے بڑی تعداد نے شرکت کی اس دوران ریلی میں شامل شرکاء نے یوم آزادی کی مناسبت سے اپنی گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں پر قومی پرچم کے علاوہ بینرز ملے کارڈز بھی اٹھائے ہوئے تھے جس میں آزادی کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لئے نعرہ درج تھے۔

**شال** بقیہ 9

کہاں پر ہے اور ہماری معاشی حالت کیسی ہے، پاکستان کے لیے خون دینے والوں نے اسلامی فلاحی ریاست کے قیام کے لیے قربانیاں دی تھیں نہ کہ نیب نیازی گٹھ جوڑ ہو، اگر ہمیں پاکستان کو دنیا میں مقام دلانا ہے تو ہمیں جھوٹ، الزام تراشی کی سیاست کو ختم کرنا اور شفاف احتساب کو فروغ دینا ہوگا ورنہ آنے والی نسلیں ہمیں معاف نہیں کریں گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جشن آزادی کے سلسلہ میں پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ ماڈل ٹاؤن میں پرچم کشائی کے بعد تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پارٹی کے مرکزی و صوبائی رہنما، سینیٹرز، اراکین قومی و صوبائی اسمبلی اور کارکنان بھی موجود تھے۔ شہباز شریف نے پوری قوم کو جشن آزادی کی مبارک باد دیتے ہوئے کہا کہ 73 سال قبل قائداعظم کی انتخابی لیڈرشپ میں 14 اگست 1947 کو پاکستان وجود میں آیا تو یہ تاریخ کا ایک انوکھا واقعہ تھا۔ پاکستان دنیا کی اور صدیوں پر محیط عظیم قربانیوں کا نتیجہ تھا جو کہ ایک دیانتدار اور محنتی شخص کی لیڈرشپ میں سرانجام پایا۔

**شال** بقیہ 10

مانڈوی والا نے یوم آزادی پر خصوصی پیغام میں کہا کہ 14 اگست آزادی کا دن ہے، پاکستان ہم سب کی پہچان ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان پاکستان کا مستقبل ہیں اور پاکستان کی ترقی کے لیے نوجوانوں کو سخت محنت کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہے تو ہم سب ہیں، پوری قوم کو سیاسی اختلافات و ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر پاکستان کے لیے کام کرنا چاہیے۔

**شال** بقیہ 11

جبر قائداعظم کے دو قومی نظریے کی سچائی پر مہر تصدیق ثبت کررہا ہے۔ اپنے بیان میں وزیر اطلاعات نے کہا کہ پوری قوم کو آزادی مبارک ہو۔ انہوں نے کہا کہ زندگی کا حقیقی احساس آزادی کی عظیم نعمت کے بغیر ادھورا ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ آزاد وطن ہمارے اسلاف کی عظیم قربانیوں کا ثمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ محصور کشمیری اور بھارت میں اقلیتوں خصوصاً مسلمانوں پر ہونے والا ظلم و جبر قائداعظم کے دو قومی نظریے کی سچائی پر مہر تصدیق ثبت کررہا ہے۔ سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان قائداعظم کے رہنما اصولوں کی روشنی میں فلاحی ریاست کے قیام کے لیے کوشاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ غریب اور پسے ہوئے طبقات کی فلاح و بہبود ان کی اولین ترجیح اور قانون کی حکمرانی پختہ نصب العین ہے۔

**شال** بقیہ 12

کے علاقے پی بی ٹانی میں سوئی سدرن گیس کمپنی کی 112 ایم ایم قطر کی پائپ لائن کی مرمت کا کام مکمل ہونے کے بعد لائن سے کوئٹہ، قلات، پنجگور، پسنی کو گیس کی فراہمی شروع کردی گئی ہے جبکہ مکمل پریشر کی بحالی میں 24 گھنٹے کا وقت درکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب سے متاثر ہونے والی 24 ایم ایم قطر کی پائپ لائن کی مرمت کا کام بھی شروع کیا جارہا ہے جو آئندہ دو سے تین دن میں مکمل ہوگا۔

**شال** بقیہ 13

آزادی کے حوالے سے خصوصی پیغام میں کہا کہ آج کا عظیم دن اللہ رب العزت کا شکر ادا کرنے کا دن ہے۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ اللہ نے برصغیر کے مسلمانوں کو آزادی جیسی نعمت سے نوازا۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ آزادی کی نعمت اللہ کے فضل و کرم، قائداعظم کی قیادت اور علامہ اقبال کے نظریے اور خواب کے باعث ممکن ہوئی۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ آج کے دن پاکستان کو قائداعظم کے نظریے کے مطابق دنیا کا عظیم ملک بنانے کا عہد کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دن ہمیں اپنے مقبوضہ کشمیر کے بہنوں اور بھائیوں کی قربانیوں کو بھی یاد رکھنا ہے۔

**شال** بقیہ 14

جسٹس غلام مصطفےٰ مغل، وائس چیئرمین بار کونسل آزاد جموں و کشمیر چوہدری محمد الیاس، صدر و عہدیداران سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن، صدر ہائی کورٹ بار راجہ آصف بشیر، صدر سینٹرل بار ایسوسی ایشن ناصر مسعود مغل، عہدیداران بار کے علاوہ سینئر وکلاء کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر چیف جسٹس آزاد جموں و کشمیر جسٹس راجہ سعید اکرم خان کو پولیس کے چاک و چوبند دستے نے سلامی پیش کی۔ بعدازاں جشن آزادی کا کیک بھی کاٹا گیا۔ پرچم کشائی کی تقریب کے اختتام پر پاکستان کے استحکام، ترقی و خوشحالی، امن، اداروں کی مضبوطی، تحریک آزادی کی کامیابی، تحریک آزادی کی جدوجہد میں قربانیاں دینے والے شہداء، دہشت گردی کی جنگ میں شہید ہونے والے پاک فوج کے جوانوں اور اتفاق واتحاد کے لئے خصوصی دعا کی گئی۔

**شال** بقیہ 15

کیا، سید علی گیلانی کو پاکستان کا سب سے بڑا اعزاز آزادی کے لئے بےمثال جدوجہد کے باعث دیا گیا۔ مقبوضہ کشمیر کے لوگوں کے حق خود ارادیت کیلئے سید علی گیلانی کی بے لوث اور مسلسل جدوجہد اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا گیا، ان کے غیر متزلزل عزم، جذبے، استقامت اور قیادت اور مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم، ظالمانہ اقدامات اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کو بے نقاب کرنے میں ان کے کردار کو سراہا گیا۔ پاکستان نے 90 برس کی ضعیف العمری میں سید علی شاہ گیلانی کی گھر میں بلا جواز نظر بندی پر بھی تشویش ظاہر کیا۔ مقبوضہ کشمیر کے بزرگ حریت رہنما سید علی گیلانی کو نشان پاکستان کا اعزاز دینے کا اعلان وزیراعظم پاکستان عمران خان نے آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی سے خطاب کے دوران کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ سید علی گیلانی طویل عرصے سے آزادی کی جدوجہد کررہے ہیں۔ بعدازاں سینیٹ نے بھی سید علی گیلانی کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے قرارداد منظور کی تھی۔

**شال** بقیہ 16

ہماری سرزمین کو معطر کررہی ہے آج کے دن میں ان تمام شہداء کو سلام پیش کرتا ہوں اور یہ دعا کرتا ہوں کہ پاکستان سیاسی اور معاشی طور پر مستحکم ہو اور ایک توانا پاکستان کی صورت میں کشمیریوں کی وکالت کرسکے۔ مقبوضہ کشمیر اسوقت تشکیل پاکستان کی جدوجہد جاری ہے۔ اب وہ وقت دور نہیں جب تحریک تشکیل پاکستان اپنے منطقی انجام کو پہنچے گی۔ اسوقت مقبوضہ کشمیر کی لسانی، مذہبی اور ثقافتی زندگی کو مسخ کیا جارہا ہے۔ ایل این جموں اور لداخ سے کہتا ہوں وادی میں اسوقت ان کی شناخت کی لڑائی جاری ہے آپ اس جدوجہد میں وادی والوں کا ساتھ دیں۔ اگر یہ لڑائی خدانخواستہ وہ ہار گئے تو پھر یہ ریاست کا نقشہ ہی رہیگا اور ریاست کی حیثیت برقرار نہیں رہے گی۔ ہماری خواہش ہے کہ پاکستان ایک معاشی قوت بنے یہاں استحکام ہو کیونکہ ایک مستحکم پاکستان کشمیریوں کا بہترین وکیل بن سکتا ہے۔ کشمیریوں کو پاک فوج پر مکمل بھروسہ ہے کہ وہ ہماری حفاظت کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے۔ پاکستانی عوام سے پوری توقع ہے کہ وہ آخری دم تک ہمارے ساتھ کھڑے رہیں گے۔

**شال** بقیہ 17

اسسٹنٹ کمشنر بی اسماعیل مینگل، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالستار لاڑ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر اکبر سولنگی سمیت سول و انتظامی افسران قبائلی عمائدین اور لوگوں کی کثیر تعداد موجود تھی۔ انہوں نے کہا کہ یہ ملک ہمیں ہمارے آباؤ اجداد کی بیش بہا قربانی کے بدولت ملا ہے آج جو ہم آزاد فضاؤں میں سانس لے رہے ہیں یہ ان کی جان مال کی قربانیوں کی بدولت ممکن ہوا ہے انہوں نے کہا کہ یہ ملک ہماری پہچان ہے اپنی اس پہچان کو مزید تقویت دینے کے لیے ہر قسم کے تعصبات لسانیت کو بالائے طاق رکھتے ہوئے صرف اور صرف ملک اور قوم کی ترقی کے لئے سوچیں انہوں نے کہا کہ آج انڈیا کشمیر کے معصوم اور نہتے لوگوں پر جو مظالم ڈھا رہا ہے اس کا مقابلہ بھی ہم ایک قوم بن کر اتحاد و یکجہتی سے کرسکتے ہیں۔

**شال** بقیہ 18

حقیقت یہ ہے کہ جب تک کشمیر اور فلسطین کے مسلمانوں کو ہندو و یہود کے خونی پنجے سے آزادی نہیں مل جاتی ہماری آزادی ادھوری ہے۔ وطن عزیز سے کرپٹ حکمرانوں اور کرپشن کا خاتمہ ہی کامیابی کی پہلی سیڑھی ہے جب ملک میں حقیقی اسلامی نظام قائم ہوگا اس وقت ہم بھی حقیقی طور پر آزاد ہوں گے۔ جشن آزادی کے موقع پر ٹی وی چینلز، پارکوں میں ناچ گانے، قمیص، جشن ڈرامے کے بجائے اللہ تعالیٰ سے پاکستان و عالم اسلام کی ترقی و خوشحالی اور کشمیر و فلسطین و دیگر مسلم ممالک کی آزادی کیلئے خصوصی دعائیں کی جاتی شکرانے کے نوافل ادا کیے جاتے لیکن جب نظام حکمران اور ان کے اختیار والے امریکی بیانیے ہو تو اسی طرح جشن آزادی کے نام پر خرافات و بے ہودگی ہوگی ملک کی بقا، سلامتی اور بلوچستان کی خوشحالی کا ضامن صرف اسلامی نظام ہے، ہمیں وہ عہد و پیمان پورا کرنے کیلئے نئے عزم کے ساتھ اٹھنا ہوگا۔

**شال** بقیہ 19

کیا گیا، منصوبے کو دی پیپلز اسکوائر کا نام دیا گیا ہے، ان کی پارٹی نے ہمیشہ عوامی مسائل کے حل پر توجہ دی ہے، پیپلز اسکوائر کے طرز پر جگہ جگہ منصوبے بنا کر کراچی کی عوام کے مسائل کم کریں گے، 18ویں ترمیم کی بدولت صوبوں کو مالی اختیارات تفویض کیے گئے جس کی وجہ سے سندھ ریونیو بورڈ ایک مستحکم ٹیکس جمع کرنے کا ادارہ بنا، صوبے کے ہر ضلع میں اس طرح کے پیپلز اسکوائر تعمیر کریں گے، سندھ حکومت نے دہشت گردوں کا مقابلہ کیا، سندھ پولیس اور قانون نافذ کرنیوالوں نے کراچی میں امن بحال کیا، امن بحال ہونے میں شہریوں اور پولیس کا خون شامل ہے۔

**شال** بقیہ 20

موجود تھے۔ یوم آزادی کی مناسبت سے ریلی سریاب روڈ پر واقع الکی رہائش گاہ سے نکالی گئی جو مستونگ پہنچ کر اختتام پذیر ہوا۔ ریلی کے شرکاء نے چھ کلومیٹر طویل سبز ہلالی پرچم اٹھا رکھا تھا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سابق رکن قومی اسمبلی سردار کمال خان بنگلزئی نے کہا کہ پاکستان ہمارا ملک ہے اور اس ملک سے ہی ہمارا وجود برقرار ہے یہ ملک آباد رہیگا تو ہماری نسلیں آباد ہوں گی۔

**شال** بقیہ 21

کمشنر سمیع اللہ کاکڑ، کرنل شاہنواز، ڈسٹرکٹ پولیس افسر ملک صدیق کاسی، اسسٹنٹ کمشنر لیاقت علی کاکڑ، ملک سعد اللہ جان ترین، ڈسٹرکٹ افسران قبائلی عمائدین اور مختلف مکاتب فکر کے افراد نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی خطاب کرتے ہوئے کہا یوم آزادی کا دن تجدید عہد کا دن ہے یہ دن ہمارے بزرگوں کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جنہوں نے ہمیں ایک آزاد اور خودمختار ملک دیا، ہمارے بزرگوں نے اس ملک کو بنانے کے لیے جو قربانیاں دی ہیں ان کی قدر کرنی چاہیے اور پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور ترقی کے لیے سب کو کردار ادا کرنی چاہیے، پاکستان ہم سب کا ملک اور ہم اس کے باشندے ہیں، ہم اس ملک کی سلامتی اور قربانی سے کسی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے، انہوں نے کہا ضلع زیارت میں باقی ملک کی طرح جشن آزادی جوش و خروش سے منایا جارہا ہے۔ ونگ میں دو موٹر سائیکلوں میں ٹکر کے نتیجے میں امان اللہ اور شاہ فیصل نامی افراد زخمی ہوگئے پولیس نے زخمی ہونے والے افراد کو طبی امداد کیلئے فوری طور پر ہسپتال منتقل کردیا مزید کارروائی جاری ہے۔

**شال** بقیہ 22

میر اور حافظ عبدالکریم کو یوم آزادی کی مبارک پیش کی اور کہا کہ سعودی عرب پاکستان کی ترقی و سلامتی کا ہمیشہ خواہاں رہا ہے۔ دونوں ممالک کی دوستی لازوال ہے۔ علامہ ساجد میر کا کہنا تھا کہ سعودی عرب پاکستان کا محسن ملک ہے۔ ہر مصیبت کے وقت سعودی عرب نے پاکستان کا ساتھ دیا۔ حرمین شریفین کی وجہ سے سعودی عرب ہماری عقیدتوں کا مرکز ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ دونوں ممالک کی دوستی پروان چڑھتی رہی اسی میں سب کا مفاد ہے۔ اس لیے کہ دونوں ممالک عالم اسلام میں نمایاں مقام رکھتے ہیں۔ سعودی سفیر نے مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کا شکریہ ادا کیا کہ اور کہا کہ اس جماعت نے ہمیشہ سعودی عرب کے استحکام اور ترقی کے لیے ساتھ دیا۔ آج یوم آزادی کے موقع پر ہم تجدید کرتے ہیں کہ دونوں ملک اخوت اور بھائی چارے کی بہترین مثال بنے رہیں گے۔ سینیٹر حافظ عبدالکریم نے کہا کہ جو لوگ پاک سعودیہ تعلقات میں دراڑ پیدا کرنے کی کوشش کررہے ہیں وہ ناکام ہوں گے۔ ہم ایک جان دو قالب ہیں۔

**شال** بقیہ 23

ممکن ہے، پاکستان کو بحرانوں سے نکالنے والی قوت میاں نواز شریف اور مسلم لیگ (ن) ہیں۔ یہ بات انہوں جمعہ کو یوم آزادی کی مناسبت سے پاکستان مسلم لیگ (ن) کی مرکزی پرچم کشائی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ تقریب سے مسلم لیگ (ن) ضلع کوئٹہ کے صدر رحیم کاکڑ، وکلاء ونگ کے صدر ملک انور کاسی، یوتھ ونگ کے طیب علیزئی، اقلیتی ونگ کے پیٹرک ایس ایڈیشنل جنرل سیکرٹری نصیر خان اچکزئی سمیت دیگر نے بھی خطاب کیا۔ قبل ازیں جمال شاہ کاکڑ کی قیادت میں ایم پی اے ہاسٹل کوئٹہ سے کمیونٹی ہال پشین اسٹاپ تک ریلی بھی نکالی گئی۔

**شال** بقیہ 24

طالبان کے باقی ماندہ قیدی بڑے جرائم میں ملوث رہے ہیں اور وہ نہ صرف افغانستان اور امریکہ، بلکہ دنیا کے لیے بھی خطرہ بن سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امن کی خواہش پر اتفاق ضرور ہوا ہے لیکن اس کی یہ قیمت نہیں ہونی چاہیے تھی۔ دوسری جانب بین الافغان مذاکرات سے قبل افغان حکومت نے عندیہ دیا کہ طالبان سے مذاکرات کا ابتدائی ایجنڈا تشدد کا خاتمہ ہوگا۔ تاہم طالبان کا کہنا ہے کہ کسی معاہدے پر پہنچنے تک تشدد میں کمی نہیں آسکتی۔

**شال** بقیہ 25

معلوم ہے کہ مقبوضہ کشمیر پر مودی کس طرح کا ظلم کررہا ہے، میں مودی کو چیف دہشت گرد کہتا ہوں، وہ آر ایس ایس کا لیڈر شدہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو اصل آزادی تب ملے گی جب آئی ایم ایف کی پابندیوں کو توڑا جائے گا۔ پی پی رہنما نے کہا کہ کورونا وائرس پاکستان میں ابھی ختم نہیں ہوا، حکومت نے ٹیسٹنگ ختم کردی ہے۔ رحمان ملک نے کہا کہ عمران خان سے سوال ہے وہ سندھ میں گورنر راج کی بات کیوں کرتے ہیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ سندھ میں گورنر راج کی کوشش پاؤں پر کلہاڑی مارنے کے مترادف ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے ایک ملین ڈالر کراچی کو نقصان پہنچانے کیلئے مختص کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف کو پیسا واپس دینے سے منع کردیں تو وہ کچھ نہیں بگاڑ سکتا، جبکہ ایف اے ٹی ایف پاکستان کے خلاف ریاستی دہشت گردی ہے۔

**شال** بقیہ 26

ہونے والی مرکزی تقریب کے ساتھ کیمسکو کے چیف انجینئر (پلانٹ) گل منیر نے ہیڈ کوارٹر میں پرچم کشائی کی اور مرکزی تقریب کے ساتھ قومی ترانہ پڑھا گیا۔ پرچم کشائی کی تقریب میں چیف انجینئر محمد اسلم گنڈاپور، ڈائریکٹر جنرل (ایچ آر اینڈ ایڈمن) محمد عمران خان، منیجر (ایچ آر) کیمسکو سید عزیز علی حسنی، سپرنٹنڈنگ انجینئر شوکت علی جوگیزئی کے علاوہ کیمسکو کے دیگر افسران و ملازمین اور بچوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

**شال** بقیہ 27

ندہ میں دو موٹر سائیکلوں میں ٹکر کے نتیجے میں امان اللہ اور شاہ فیصل نامی افراد زخمی ہوگئے پولیس نے زخمی ہونے والے افراد کو طبی امداد کیلئے فوری طور پر ہسپتال منتقل کردیا مزید کارروائی جاری ہے۔

**شال** بقیہ 28

علاقے بارہ لنک کے قریب گاڑی اور ٹرالر کے درمیان ٹکر کے نتیجے میں کمال خان اور عباس خان جاں بحق جبکہ ظفر خان زخمی ہوگئے لیویز نے لاشوں اور زخمی ہونے والے شخص کو ہسپتال منتقل کیا جبکہ ان ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثاء کے حوالے کردی گئیں مزید کارروائی جاری ہے۔

**شال** بقیہ 29

جمعہ کو زیارت کے علاقے ڈومیارہ میں گاڑی کی ایک فیل ہونے ہونے سے گاڑی کھائی میں گرگئی جس کے نتیجے میں محمد زمان، نصر اللہ، ندیم جاں بحق جبکہ چار افراد زخمی ہوگئے لیویز نے لاشوں اور زخمی کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثاء کے حوالے کردی گئیں جبکہ زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد کوئٹہ ریفر کردیا گیا۔

**شال** بقیہ 30

سلسلے میں مختلف فنکشنز کا انعقاد کیا گیا۔ قبائلی عمائدین، عوام کے جم غفیر، سول انتظامیہ، لیویز، پولیس اور فرنٹیئر کور بلوچستان نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا دن کا آغاز مسجد میں مشترکہ دعا اور قرآن خوانی سے ہوا ونگ کوارٹر گارڈ پر پرچم کشائی کی پروقار تقریب ہوئی، جس میں ایف سی کے جوانوں کے ساتھ ساتھ مقامی سرداروں نے بھی شرکت کی اس موقع پر چیف آف آرمی اسٹاف کا پیغام بھی پڑھ کر سنایا گیا۔ 73 ونگ کے افسروں، سردار صاحبان اور جوانوں نے ونگ میں کھجور کے پودے لگائے ایف سی اینڈ گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری اسکول میں تقریب منعقد ہوئی جس میں بچوں نے لیوگر ماڈینے والی تقاریر کیں۔ بچوں میں انعامات بھی تقسیم کئے گئے۔ تقاریر کے بعد پاکستان ریلی نکالی گئی۔ ریلی کے شرکاء، پیدل، گاڑیوں اور اونٹوں پر سوار ریلی میں شریک ہوئے۔ ریلی میں قبائلی عمائدین، عوام الناس، سول انتظامیہ، لیویز، پولیس اور ایف سی نے شرکت کی۔

**شال** بقیہ 31

پاکستان میں کوئی ڈیم نہیں بنا اب دو ڈیمز پر کام جاری ہے۔ ایک بیان میں سینیٹر فیصل جاوید نے کہا کہ پوری دنیا کے ساتھ آج ہماری زبردست تعلقات ہیں، کاروباری آسانی میں ہم اب چھٹے نمبر پر آئے ہیں، جلد اچھی خبریں سننے کو ملیں گی، محنت سے اور ڈٹ کر کام کریں۔ انہوں نے کہا کہ راوی سٹی پر کوئی کام شروع نہیں کرسکا، اب اس حکومت نے کام شروع کردیا ہے۔ رہنما پی ٹی آئی کے مطابق بیس سال میں آدھے کا آدھا ہی بجٹ تھا ٹھیک ہونے میں کچھ تو وقت لگے گا، ہمیں تقریروں کے بجائے عملی اقدامات کی طرف جانا ہے۔ فیصل جاوید نے کہا کہ پاکستان کے عوام اور حکومت سب کشمیریوں کے ساتھ کھڑے ہیں، عمران خان نے پوری دنیا میں مودی کو بے نقاب کیا ہے، آج پوری دنیا سے مقبوضہ کشمیر سے متعلق آوازیں اٹھ رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ ہم اپنی پوری کوشش کریں، کشمیر کی آزادی کا وقت دور نہیں ہے۔

**شال** بقیہ 32

ہوتے تو ہینظیر شہید ہوتیں نہ مریم نواز پر حملہ ہوتا، ووٹ کو عزت دیئے بغیر قیام پاکستان کے مقاصد پورے نہیں ہوسکتے۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جاوید لطیف نے کہا کہ عوام کو قیام پاکستان کے ثمر

# بلوچستان بھر میں جشن آزادی ملی و قومی جوش و جذبے سے منایا گیا

## کوئٹہ میں آتش بازی کا شاندار مظاہرہ شہریوں کی بڑی تعداد لطف اندوز ہوئی، سیاسی جماعتوں اور تنظیموں کی جانب سے ریلیوں کا انعقاد کیا گیا

## کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں جمعہ کو سیاسی جماعتوں، غیر سرکاری تنظیموں، سول سوسائٹی، نوجوانوں کی جانب سے ریلی نکالی گئیں

خضدار یوم آزادی کی خوشی میں ڈی سی خضدار رنج آغا محمد یوسف و دیگر 14 اگست کے دن خضدار میں کیک کاٹا جا رہا ہے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سمیت بلوچستان میں جشن آزادی روایتی طور پر ملی و قومی جوش و جذبے سے منایا گیا، کوئٹہ میں آتش بازی کا شاندار مظاہرہ شہریوں کی بڑی تعداد لطف اندوز ہوئی، سیاسی جماعتوں اور تنظیموں کی جانب سے ریلیوں کا انعقاد کیا گیا تفصیلات کے مطابق بلوچستان میں یوم آزادی کی تقریبات کا آغاز کوئٹہ میں 21 توپوں کی سلامی سے ہوا جس کے بعد یوم آزادی کی مرکزی تقریب بلوچستان اسمبلی کے سبزہ زار پر منعقد ہوئی جہاں وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبداللہ جان جمالدینی کے ہمراہ پرچم کشائی کی جبکہ گورنر ہاؤس میں گورنر بلوچستان جسٹس (ر) امان اللہ یاسین زئی اور چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس جمال مندوخیل نے بلوچستان ہائی کورٹ کے احاطے میں پرچم کشائی کی صوبے کے دیگر اضلاع تفصیل نمبر 36 صفحہ 3 پر

## یوم آزادی منانے کا مقصد ان شہدا کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنا ہے، محبوب احمد اچکزئی

مستونگ (ٹی این) اپنی کمشنر مستونگ محبوب احمد اچکزئی نے کہا ہے کہ 14 اگست یوم آزادی کا دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ اس پاک سرزمین کو بنانے میں بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح اور ہمارے آباؤ اجداد، علمائے کرام اور مسلمانوں تفصیل نمبر 49 صفحہ 3 پر

## وطن عزیز پاکستان بڑی قربانیوں کے بعد ہمیں ملا ہے، آغا محمد یوسف

## تعمیر و ترقی کے لئے ہم سب کو مل کر اتحاد و اتفاق کو فروغ دینا ہوگا

## ملک کو سیکورٹی، معاشی حوالے سے مستحکم کرنا ہوگا، ڈی آئی جی خضدار رنج و دیگر کا خطاب

خضدار (ٹی این) خضدار میں یوم آزادی 14 اگست کے موقع پر پرچم کشائی کی پروقار تقریب ڈپٹی کمشنر خضدار آفس کے احاطہ میں منعقد ہوئی، یوم آزادی سالگرہ کا کیک کاٹا گیا اور بعد ازاں ریلی نکالی گئی، پرچم کشائی تقریب میں ڈی آئی جی خضدار رنج آغا محمد یوسف، پی اے پی کے سینئر رہنما سابق چیئرمین خضدار آغا اسمٰعیل احمد درانی، ڈپٹی کمشنر خضدار ڈاکٹر عظیل بلوچ سمیت دیگر نے حصہ لیا، بعد ازاں وطن عزیز پاکستان کی آزادی کی خوشی میں کیک کاٹا گیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر خضدار تفصیل نمبر 50 صفحہ 3 پر

# آزادی کے وقت کی مشکلات کو کشمیر میں دیکھا جا سکتا ہے، شبلی فراز

## وزیر اعظم عمران خان کی شخصیت سے متاثر ہو کر سیاسی میدان میں قدم رکھا، سیاسی نظریات سے بالاتر ہو کر ملک کی ترقی کیلئے کام کرنا ہوگا

## مقبوضہ کشمیر کے ہمارے بھائی بڑی مشکلات کا شکار ہیں، آزادی کے وقت کی مشکلات کو اس وقت مقبوضہ کشمیر میں دیکھا جا سکتا ہے، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات شبلی فراز نے ایوارڈ حاصل کرنے والی ممتاز شخصیات کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ مشکلات سے گزر گئے ہیں اب بہتری آ رہی ہے، ماضی کی غلطیوں کو دور کر کے آگے بڑھنا ہوگا، نہ سیاسی تھا، نہ سیاست سے کوئی شوق تھا، وزیر اعظم عمران خان کی شخصیت سے متاثر ہو کر سیاسی میدان میں قدم رکھا، سیاسی نظریات سے بالاتر ہو کر ملک کی ترقی کیلئے کام کرنا ہوگا، مقبوضہ تفصیل نمبر 38 صفحہ 3 پر

نصیر آباد ڈپٹی کمشنر عابد سلیم قریشی جشن آزادی کی منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

## 14 اگست کی برصغیر پاک و ہند کے مسلمانوں کی تاریخ میں بہت بڑی اہمیت ہے، میر عبدالحق کوہر

## 1947 میں قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت میں دنیا کے نقشے پر ایک علیحدہ وطن پاکستان معرض وجود میں آیا

نصیر آباد (نامہ نگار) کلپر و مراد جمالی میں جشن آزادی کے موقع پر بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما میر عبدالحق کوہر کی قیادت میں کوہر آباد سے علاقے کے معززین و معتبرین اور درکروں کی بڑی تعداد میں ریلی نکالی گئی اس موقع پر عبدالحق کوہر و دیگر نے ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 14 اگست کی برصغیر پاک و ہند کے مسلمانوں کی تاریخ میں بہت بڑی اہمیت ہے جس دن 1947 میں قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت میں دنیا کے نقشے پر ایک علیحدہ وطن پاکستان معرض وجود میں آیا آزادی ایک بہت بڑی نعمت ہے جو قدرت کی جانب سے پاکستان کے کروڑوں انسانوں کو نصیب ہوئی جس تفصیل نمبر 55 صفحہ 3 پر

## پاکستان تمام مکاتب کی مشترکہ قربانیوں اور متحدہ عملی جدوجہد کا ثمر ہے، انجینئر ہادی

## ہمیں اس آزادی کی قدر کرنا ہوگی، ملک و ملت کی تعمیر میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) تحریک نفاذ فقہ جعفریہ بلوچستان کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ ہمارا یہ آزاد وطن ایک جہد مسلسل، اسلاف کے کارناموں اور شہداء کی قربانیوں کا ثمر ہے پاکستان لاکھوں جانوں کی قربانیوں سے معرض وجود میں آیا ہے ہمیں اس آزادی کی قدر کرنا ہوگی اور اس ملک و ملت کی تعمیر میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، آج کے دن ہم اپنی بہادر مسلح افواج، ایف سی، پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی عظیم قربانیوں کو بھی سلام پیش کرتے ہیں اور انہیں تحفے دیتے ہیں پوری پاکستانی قوم اپنی بہادر پاک افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ یہ بات تحریک نفاذ فقہ جعفریہ بلوچستان کے صدر انجینئر تفصیل نمبر 56 صفحہ 3 پر

چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس جمال خان مندوخیل یوم آزادی کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

## 14 اگست کا دن ہمیں ہمارے بزرگوں کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے، عبداللہ کھوسہ

کوہلو (ٹی این) اپنی کمشنر کوہلو عبداللہ کھوسہ نے کہا کہ، پاکستان ہم سب کا ملک اور ہم اس کے باشندے ہیں، ہم اس ملک کی سلامتی کیلئے کسی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں تفصیل نمبر 68 صفحہ 3 پر

## آزادی کا مطلب یہ نہیں کہ ہم اپنے وطن اپنے صوبے اور اپنے شہر کی اونر شپ چھوڑ دے، طارق جاوید میتلا

## میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کا عملہ ہر موقع پر اور ہمیشہ آپکے ساتھ رہا ہے اور اپنی خدمات پیش کی ہیں اور کرتی رہیگی

کوئٹہ (ٹی این) ایڈمنسٹریٹر طارق جاوید میتلا نے یوم آزادی پاکستان کی مناسبت سے آج دن کا آغاز میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے دفتر میں پرچم کشائی سے کرنے کے بعد جشن آزادی پاکستان کا کیک کاٹا جس کے بعد میر لطیف ڈسٹرکٹ ڈسٹرکٹ جیل بدو بلوچ کے ہمراہ کوئٹہ ڈسٹرکٹ تفصیل نمبر 69 صفحہ 3 پر

# پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کے مسائل کی طرف توجہ دی ہے

## سندھ حکومت کو وفاق پیسے نہیں دے رہا، اب ورلڈ بینک کے ساتھ مل کر انفرااسٹرکچر کو بہتر بنا رہے ہیں

## پیپلز اسکوائر کراچی کے عوام کے لیے تفریح کا بہترین ذریعہ ہے، پیپلز اسکوائر سے شہریوں کو بھرپور فائدہ ہوگا، تقریب سے خطاب

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ سندھ حکومت کو وفاق پیسے نہیں دے رہا، اب ورلڈ بینک کے ساتھ مل کر انفرااسٹرکچر کو بہتر بنا رہے ہیں، پیپلز اسکوائر کراچی کے عوام کے لیے تفریح کا بہترین ذریعہ ہے، پیپلز اسکوائر سے شہریوں کو بھرپور فائدہ ہوگا، ملیر میں پھر بلدیہ منصوبے کا 30 ستمبر کو افتتاح کریں گے۔ شہر میں فن تعمیر کا شاہکار پرانی عمارتوں کو بھی بحال کریں گے، یہ منصوبہ عالمی بینک تفصیل نمبر 40 صفحہ 3 پر

لورالائی کمشنر ژوب ڈویژن سہیل الرحمن بلوچ یوم آزادی کے حوالے سے پرچم کشائی اور دعا کر رہے ہیں

## آزادی کی قیمت ان مظلوم اقوام سے پوچھی جائے جو آج بھی ظلم کی چکی میں پس رہی ہیں، عابد سلیم قریشی

## لبنان، عراق، شام سمیت دیگر ایسے کئی ممالک ہیں جن کی عوام آج بھی اپنی آزادی کی جدوجہد میں مصروف عمل ہیں

نصیر آباد (ٹی این) کمشنر نصیر آباد عابد سلیم قریشی نے کہا کہ آج تک پوری قوم قائداعظم کے نام کو سنہری الفاظ میں لکھتی ہے ان کی محنت کے طفیل ہمیں آزاد ملک نصیب ہوا اور یہ دنیا کے نقشے میں آج تک جگمگا رہا ہے کیونکہ آج ہم آزاد ہیں ہم نے غلامی کی زنجیریں توڑ دی ہیں اس حوالے سے جشن آزادی کے موقع پر ہمیں اللہ پاک کا شکر ادا کرنا چاہیے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جشن آزادی کی مناسبت سے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پولیس کے چاک و چوبند دستے نے انہیں پیش کی تقریب تفصیل نمبر 41 صفحہ 3 پر

## پاکستان ایک خوبصورت ملک ہے، اللہ تعالیٰ نے تمام نعمتوں سے نوازا ہے، سردار زین العابدین خلجی

## پاکستان کو ترقی کی بلندیوں تک پہنچانے کی خاطر کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے، ریلی سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان ورلڈ وائیڈ موومنٹ بلوچستان کے صدر سردار زین العابدین خلجی کی قیادت میں جمعہ کو جشن آزادی کے موقع پر کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے سبزہ زار سے ایک ریلی نکالی گئی جو مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی پریس کلب پہنچی ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان ورلڈ وائیڈ موومنٹ بلوچستان کے صدر سردار زین العابدین خلجی، نائب صدر نذیر تفصیل نمبر 42 صفحہ 3 پر

## یوم آزادی پر قوم کے جوش اور جذبے نے ثابت کر دیا قوم وطن سے بے پناہ محبت کرتی ہے، رزاق خان کھچک

## ڈپٹی کمشنر نے پرچم کشائی کی نوجوانوں کا ملی نغموں پر رقص پاکستان زندہ باد کے نعرے لگائے

نصیر آباد (ٹی این) ملک بھر کی طرح ضلع جعفر آباد جھل مگسی اور ضلع صحبت پور میں بھی جشن آزادی شایان شان طریقے سے منائی گئی تینوں اضلاع میں جشن آزادی کے حوالے سے مختلف تقاریب منعقد کی گئی تمام علاقوں میں خوشی کا سماں تھا آزادی کے جشن کے موقع پر چھوٹے بڑے سب خوشی سے نہال تھے جعفر آباد میں ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق کھچک کی زیر صدارت ایک تقریب منعقد ہوئی جس میں انہوں نے پرچم کشائی کر کے ضلع بھر میں تفصیل نمبر 47 صفحہ 3 پر

## محکمہ تعلیم میں 14 اگست کو تبدیلیاں شیر خان بازئی کو سیکرٹری ثانوی تعلیم بلوچستان تعینات کر دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ تعلیم میں 14 اگست کو تبدیلیاں شیر خان بازئی کو سیکرٹری ثانوی تعلیم بلوچستان تعینات کر دیا گیا، جمعہ کو چیف سیکرٹری بلوچستان کے دفتر سے جاری کردہ احکامات کے مطابق سیکرٹری ثانوی تعلیم بلوچستان غلام علی بلوچ کا تبادلہ کر کے انہیں ایس اینڈ تفصیل نمبر 48 صفحہ 3 پر

## ملک بھر کی طرح پاک ایران سرحدی شہر تفتان میں بھی 14 اگست یوم آزادی جوش و خروش سے منائی گئی

## پاک ایران سرحدی پاکستان گیٹ کے مقام پر شاندار آتش بازی کی گئی اور ڈھول کی تھاپ بلوچی رقص کی گئی

تفتان (نامہ نگار) ملک بھر کی طرح پاک ایران سرحدی شہر تفتان میں بھی 14 اگست یوم آزادی جوش و خروش سے منائی گئی مختلف تقریبات کا انعقاد کیا رات 12 بجتے ہی قیامی رہنما میر شوت علی عیسیٰ زئی کی جانب سے پاک ایران سرحدی پاکستان گیٹ کے مقام پر شاندار آتش بازی تفصیل نمبر 51 صفحہ 3 پر

## آزادی ایک نعمت ہے اس کی قدر کرنی چاہیے، کمشنر ژوب ڈویژن

## ہمارا پیارا ملک پاکستان جو کہ ایک آزاد مملکت ہے یہ ملک ہمیں بڑی قربانیوں کے بعد ملا ہے

لورالائی (ٹی این) کمشنر ژوب ڈویژن سہیل الرحمن بلوچ نے کہا ہے کہ آزادی ایک نعمت ہے اس کی قدر کرنی چاہیے ہمارا پیارا ملک پاکستان جو کہ ایک آزاد مملکت ہے یہ ملک ہمیں بڑی قربانیوں کے بعد ملا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے 73 واں یوم آزادی کی مناسبت سے اپنی کمشنر تفصیل نمبر 52 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر پشین قائم لاشاری کی نگرانی میں 14 اگست کے موقع پر فلیگ مارچ کیا جا رہا ہے

## ملک بھر کی طرح خضدار میں بھی جشن آزادی شایان شان طریقے سے منایا گیا

## یوم آزادی کی مناسبت سے بلوچستان عوامی پارٹی کی جانب سے ایک عظیم الشان ریلی نکالی گئی

خضدار (نامہ نگار) ملک بھر کی طرح خضدار میں بھی جشن آزادی شایان شان طریقے سے منایا گیا۔ یوم آزادی کی مناسبت سے بلوچستان عوامی پارٹی کی جانب سے ایک عظیم الشان ریلی نکالی گئی جس میں پارٹی کارکنوں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء نے قومی پرچم اٹھائے ہوئے تھے جبکہ فضاء پاکستان زندہ باد اور ملی نغموں سے گونج اٹھی۔ ریلی درانی ہاؤس سے برآمد ہوئی جو شہر کے مختلف راستوں سے ہوتا ہوا دوبارہ درانی ہاؤس پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی۔ ریلی کی تفصیل نمبر 58 صفحہ 3 پر

## ہماری فورسز نے دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے بیش بہا قربانیاں دی ہیں، عبدالرزاق و دیگر

## ہم آزادی کے ان ہیروز کو سلام پیش کرتے ہیں، ڈپٹی کمشنر چاغی کا تقریب سے خطاب

چاغی (این این آئی) 73 واں جشن آزادی کے سلسلے میں چاغی میں ضلعی انتظامیہ کے توسط سے ڈسٹرکٹ کونسل ہال میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں چاغی کے سیاسی سماجی شخصیات معززین کے علاوہ سرکاری افسران نے بڑی تعداد میں شرکت کی تقریب کا آغاز باقاعدہ تلاوت کلام پاک سے کیا گیا تقریب میں ڈپٹی کمشنر چاغی عبدالرزاق ساسولی پی این پی عوامی کے سابق تفصیل نمبر 59 صفحہ 3 پر

## وال یوم پاکستان کے حوالے سے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں پرچم کشائی کی سادہ مگر پروقار تقریب منعقد ہوئی

کوئٹہ (ٹی این) وال یوم پاکستان کے حوالے سے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں پرچم کشائی کی سادہ مگر پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے قومی پرچم لہرایا اور بلوچستان کانسٹیبلری کے چاق و چوبند تفصیل نمبر 53 صفحہ 3 پر

## قائداعظم کے فرمودات پر عمل کرتے ہوئے ہم پاکستان کو ایشیا کا ٹائیگر بنا سکتے ہیں، محمد اشرف

آسٹریلیا سڈنی (ٹی این) 73 ویں یوم آزادی کی مناسبت سے پرچم کشائی کی ایک تقریب آسٹریلیا کے شہر سڈنی کے سبزہ زار میں منعقد ہوئی اس پروقار تقریب کے مہمان خصوصی قونصل جنرل محمد اشرف اور ڈپٹی قونصل جنرل محمد تفصیل نمبر 54 صفحہ 3 پر

## پاکستان تحریک انصاف ضلع خضدار کے زیر اہتمام میونسپل کارپوریشن ہال میں یوم آزادی پاکستان کے حوالے سے پروقار تقریب کا انعقاد

خضدار (نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف ضلع خضدار کے زیر اہتمام یوم آزادی پاکستان کے حوالے سے تقریب کا انعقاد، تقریب کی صدارت پاکستان تحریک انصاف ضلع خضدار کے صدر حاجی عبدالرسول قندرانی نے کی جبکہ مہمان خاص حاجی محبوب علی گرو صدر پاکستان تحریک انصاف لیبر ونگ ساؤتھ ایسٹ ریجن بلوچستان اور اعزازی مہمان پروفیسر انعام اللہ میونگل تھے، تقریب سے پاکستان تحریک انصاف، پاکستان تحریک انصاف لیبر ونگ، پاکستان تحریک انصاف ویلفیئر تفصیل نمبر 57 صفحہ 3 پر

## مادر وطن کی آزادی کے لئے ہمارے آباؤ اجداد نے بے شمار قربانیاں دی ہیں، میر نثار احمد مری

## فاشسٹ مودی نے بوکھلاہٹ کا شکار ہو کر مظلوم اور معصوم کشمیریوں پر ظلم کے پہاڑ توڑ دیے ہیں

کوہلو (این این آئی) جشن آزادی کی مناسبت سے پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے میر نثار احمد مری کی قیادت میں عظیم الشان ریلی نکالی گئی ریلی میں قیامی رہنما میر نثار احمد مری، میر طور خان مری، وڈیرہ وہالو خان، حاجی عبدالرحمن مری، وڈیرہ غازیخان مری، میر وشکیر مری، میر اسرار زیب مری، ایڈووکیٹ میر جلیل مری، میر جہانزیب مری، ایڈووکیٹ علی شیر زرکون، معصری خان مری، وڈیرہ بلوچ تفصیل نمبر 67 صفحہ 3 پر

## جشن آزادی کا دن جتنا جوش و خروش سے منایا جائے کم ہے، ڈاکٹر عارفہ کاکڑ

## ملک کو عظیم سے عظیم تر بنانے کے لیے حکمت قوم ہمیں اپنی انفرادی و معاشرتی ذمہ داریوں کا احساس کرنا ہوگا

کوئٹہ (ٹی این) بلوچستان کی ممتاز معالج برائے امراض زچہ و بچہ و سرگرم سماجی شخصیت ڈاکٹر عارفہ کاکڑ نے کہا ہے کہ جشن آزادی کا دن پاکستانی عوام کے حقیقی جذبات کی ترجمانی کا ایک ایسا دن ہے جس کو جتنا جوش و خروش سے منایا جائے کم ہے لازوال و بے مثل قومی جذبات کی ترجمانی الفاظ سے ممکن نہیں آج کا دن مسلمانوں کی بیش بہا قربانیوں کے اعتراف کا دن ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے تفصیل نمبر 70 صفحہ 3 پر

## آزادی ایک بڑی نعمت ہے اس سے بڑھ کر دنیا میں کوئی چیز نہیں، بشیر احمد خان

## آزادی بہت قدر کرنا چاہیے اس کی حفاظت ہماری اجتماعی اور قومی ذمہ داری ہے

چمن (ٹی این) ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ میجر (ر) بشیر احمد خان نے کہا کہ نوجوان نسل کو یہ یاد رکھنا چاہیے کہ اگر آج ہم آزاد ملک میں سانس لے رہے ہیں تو ان شہیدوں کی وجہ سے جنہوں نے اپنا کل ہمارے آج کے لئے قربان کیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے 14 اگست کے مناسبت سے چمن منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈی پی او جعفر خان، لائن ڈیپارٹمنٹ تفصیل نمبر 71 صفحہ 3 پر

## کھیل ہمارے معاشرے کا ایک انتہائی جز ہیں، عرفان افتخار

## نوجوانوں میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے ان کی صلاحیتوں کی داد دینی چاہیے، سیکٹر کمانڈر

چاغی (این این آئی) چاغی 73 واں یوم آزادی کی مناسبت سے (ایف سی) چاغی ریجن کے زیر اہتمام جشن آزادی کپ 2020 فٹ بال میچ کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمان خاص بریگیڈیئر عرفان افتخار تھے اعزازی مہمانوں میں کمانڈنٹ چاغی ریجن خرم شہزاد ڈپٹی کمشنر چاغی عبدالرزاق ساسولی جبکہ دیگر مہمانوں میں لیفٹیننٹ کرنل صائم بی میجر ریحان کیپٹن جنید اسسٹنٹ کمشنر چاغی احمد حسین تفصیل نمبر 72 صفحہ 3 پر



گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی پرچم کشائی تقریب کے موقع پر قومی ترانہ کے احترام میں کھڑے ہیں

## ہم بگٹی قوم نے پاکستان کے لئے قربانیاں دی ہیں، سرفراز بگٹی

## آج اس ریلی میں نوجوانوں اور بزرگوں نے ثابت کیا کہ ہم پاکستان سے محبت کرتے ہیں

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) 14 اگست جشن آزادی اور کشمیر کے ساتھ اظہار یکجہتی کے سلسلے میں سابق میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں ایک ریلی نکالی گئی ریلی میں ہزاروں کی تعداد میں شہریوں، سول سوسائٹی، سیاسی و سماجی شخصیات اور انتظامی برادری نے بھرپور شرکت کی ریلی پاکستان ہاؤس سے سردار ہنزول پمپ محمد کالونی سے ہوا پٹاٹہ میں برآمد ہوا ریلی میں پاکستان و کشمیر کے جھنڈے لہرائے اور تفصیل نمبر 43 صفحہ 3 پر

## پورے ملک میں یوم آزادی ملی جوش جذبے اور قومی یکجہتی کے ساتھ منایا جا رہا ہے، مراد خان کاسی

## جشن آزادی تجدید عہد کا دن ہے، منانے کا مقصد پوری دنیا کو پیغام دینا ہے ہم ایک عظیم قوم ہیں، ڈی سی لکھی

بولان (این این آئی) ملک بھر کی طرح ضلع لکھی کے ضلعی ہیڈکوارٹر ڈھاڈر میں بھی یوم آزادی شایان شان طریقے سے منایا گیا اس سلسلے میں مرکزی پروقار تقریب ڈپٹی کمشنر لکھی آفس ڈھاڈر میں منعقد ہوئی جہاں پولیس اور لیویز کے چاق چوبند دستے نے گارڈ آف آنر اور سلامی پیش کی ڈپٹی کمشنر لکھی مراد خان کاسی، ایس ایس پی لکھی سید جاوید اقبال غرشین نے پرچم کشائی کی اور ڈی سی آفس کے احاطے میں شجرکاری مہم کے تحت پودے بھی لگائے اس موقع پر ضلعی سول اور انتظامی آفیسران کے علاوہ دیگر مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے بھی کثیر تعداد موجود تھے تقریب سے ڈی سی لکھی مراد خان کاسی اور ایس ایس پی لکھی بولان سید جاوید اقبال غرشین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج پورے ملک میں یوم تفصیل نمبر 45 صفحہ 3 پر

## ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کا آفس کے سبزہ زار میں پروقار تقریب ڈاکٹر حسن وقار چیمہ نے پرچم کشائی کی

اوتھل (نامہ نگار) 14 اگست یوم آزادی کے موقع پر ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کے آفس کے سبزہ زار میں ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی اور پاکستان کے قومی پرچم اور کشمیر کے جھنڈے کی ڈپٹی کمشنر لسبیلہ ڈاکٹر حسن وقار چیمہ نے پرچم کشائی کی، اس تفصیل نمبر 44 صفحہ 3 پر

## غیر قانونی تجاوزات کو کسی بھی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، ڈپٹی کمشنر

تربت (ٹی این) ڈپٹی کمشنر تربت الیاس کبزئی کی ہدایت پر تحصیلدار تربت اور چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن تربت کی جانب سے غیر قانونی تجاوزات کے خلاف بھرپور مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ پہلے مرحلے میں کارروائی کرتے ہوئے M8 کے قریب تربت شہر کے مضافاتی علاقے میں سرکاری زمینوں کو کلیئر کیا گیا ہے جبکہ مزید تجاوزات تفصیل نمبر 46 صفحہ 3 پر

# پاکستان میں قانون کی حکمرانی، بالادستی پر مبنی نظام چاہتے ہیں، عمران خان

## چاہتے ہیں کشمیری بھائیوں کو بھی آزادی ملے، ہماری قوم نے ہمسایہ ملک کی دشمنی، دہشت گردی کا بہادری سے مقابلہ کیا، عمران خان

## وطن عزیز کی آزادی کے مقاصد کے حصول میں کوشاں ہیں، وطن عزیز میں قانون کی حکمرانی، بالادستی پر مبنی نظام چاہتے ہیں، بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے یوم آزادی پر قوم کو خصوصی میں کہا ہے کہ ہم چاہتے ہیں کشمیری بھائیوں کو بھی آزادی ملے تاکہ تقسیم کے مقصد کی تکمیل ہو سکے۔ پاکستان کے 74 ویں جشن آزادی کے موقع پر وزیر اعظم عمران خان نے قوم کو مبارک باد پیش کی اور یوم آزادی پر مادر وطن کے دفاع میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اپنے پیغام میں وزیر اعظم عمران خان نے کہا کہ یہ دن ہمیں قائداعظم محمد علی جناح کے وژن پر چلنے کا عہد یاد دلاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 70 سالوں میں ہمیں بہت سے چیلنجز کا سامنا رہا، داخلی اور خارجی محاذوں پر مشکلات تفصیل نمبر 37 صفحہ 3 پر

قلات پہنچنے پر صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کا پروقار استقبال کیا جا رہا ہے

## اوستہ محمد 14 اگست یوم آزادی کے موقع پر شاندار ریلی نکالی گئی

اوستہ محمد (نامہ نگار) 14 اگست یوم آزادی کے موقع پر محب وطن پاکستانی سوشل ورکر غلام حیدر بھٹو کی جانب سے موٹر سائیکلوں، اور پیدل لوگوں کی امان اللہ کالونی وارڈ نمبر 14 سے شاندار ریلی نکالی گئی جس میں بڑی تعداد میں محب وطن نوجوانوں نے شرکت کی ریلی مختلف راستوں سے ہوتی تفصیل نمبر 60 صفحہ 3 پر

## (ریٹائر) ڈی ایس پی میر دوست محمد سیاپاد کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، قاری نجم الدین

خاران (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام مولانا محمد الیاس یونٹ راسکوہ کوہ پشت کے امیر قاری نجم الدین نائب امیر حافظ عبدالسلام قاری شکر اللہ قاری حماد الیاس زین العابدین حافظ وزیر جان حافظ عبدالوحید ترجمان قاری سراج الدین سیلی تفصیل نمبر 61 صفحہ 3 پر

## بلوچستان میں جشن آزادی روایتی طور پر ملی و قومی جوش و جذبے سے منایا جا رہا ہے

## جشن آزادی کی تقریبات کا آغاز گذشتہ شب پی ڈی ایم اے میں شاندار آتش بازی سے ہوا

کوئٹہ (ٹی این) بلوچستان میں جشن آزادی روایتی طور پر ملی و قومی جوش و جذبے سے منایا جا رہا ہے جشن آزادی کی تقریبات کا آغاز گذشتہ شب پی ڈی ایم اے میں شاندار آتش بازی اور عمارت پر جدید ٹیکنالوجی کے ذریعہ کمپوٹر ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے گرافک میپنگ کے مظاہرے سے ہوا جسکے مہمان خصوصی وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان جبکہ میزبان صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو تھے، پارلیمانی سیکرٹری تمین خلجی، رکن قومی اسمبلی میر عامر مگسی اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے تفصیل نمبر 64 صفحہ 3 پر

## آل پاکستان خاکسار جوانی اتحاد لسبیلہ کی جانب سے جشن آزادی کے سلسلے میں موٹر سائیکل ریلی کا انعقاد

اوتھل (نامہ نگار) اوتھل آل پاکستان خاکسار جوانی اتحاد لسبیلہ کی جانب سے جشن آزادی کے سلسلے میں موٹر سائیکل ریلی کا انعقاد کیا گیا ریلی کی قیادت ضلعی آرگنائزر ممبر ماسٹر محمد بخش خاکسار نے کی ریلی اوتھل سے نکالی گئی اور مین قومی آر سی ڈی شاہراہ کا گشت کرتے ہوئے لاکھڑا موڑ اور مین بازار سے ہوتی ہوئی سول ہسپتال موڑ پر اختتام پذیر ہوئی جہاں پر ضلعی آرگنائزر ممبر ماسٹر محمد بخش خاکسار نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آزادی ایک تفصیل نمبر 66 صفحہ 3 پر

## آزادی جیسی نعمت کا کوئی نعم البدل نہیں، زندہ قومیں آزادی کی قدر کیا کرتی ہیں، سونیا بلوچ

## 73 ویں یوم آزادی کے موقع پر عوام میں پایا جانے والا جوش و خروش بے نظیر ہے

## پاکستانی عوام قائد کے اتحاد، ایمان اور یقین محکم کے فلسفہ کے تحت منزل کی طرف رواں دواں ہے

کوئٹہ (این این آئی) وومن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کی صدر سونیا بلوچ نے کہا ہے کہ آزادی جیسی نعمت کا کوئی نعم البدل نہیں، زندہ قومیں آزادی کی قدر کیا کرتی ہیں، 73 ویں یوم آزادی کے موقع پر عوام میں پایا جانے والا جوش و خروش بے نظیر ہے، پاکستانی عوام قائد کے اتحاد، ایمان اور یقین محکم کے فلسفہ کے تحت منزل کی طرف رواں دواں ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے 73 ویں یوم آزادی کے موقع پر اپنے جاری کردہ بیان میں کیا ہے، انہوں نے کہا ہے کہ ہمیں خوشی ہے کہ ہم آج 